سٹی ایکسپریس سرینگر

22nd Year of Publication

روزنامہ

RNI.No: JKURD/2004/17814

email:dailycityexpress121.gmail.com

جمعرات | 5 نومبر 2026 | 24 جمادالاول 1448ھ

5 Nov. 2026 Thursday 24 Jamad al-Awal 1448

visit us at: visit us at:www.dailycityexpress.com email:advtcityexpress936.gmail.com

جلد: 22 | شمارہ نمبر: 271 | صفحات: 08 | قیمت: 3 روپے

اداریہ 4

بچپن میں بچوں کی دیکھ بھال اہم؟

میلبورن رینیگیڈز کے ساتھ معاہدہ 08

لیفٹننٹ گورنر کی صدارت میں جموں وکشمیر ہائر ایجوکیشن کونسل کا اجلاس، وزیر اعلیٰ بھی شامل

مستقبل پر مبنی اعلیٰ تعلیم کا لائحہ عمل زیر غور

یونیورسٹیوں Design Your Degree پروگرام شروع کرنے کیلئے 6 ماہ کی مہلت

کونسل کے اقدامات کو ٹھوس کامیابیوں میں بدلنے اور اعلیٰ تعلیم کو طلبہ کیلئے نتیجہ خیز بنانا ناگزیر

صلاحیتوں کی پرورش، تنقیدی سوچ کی حوصلہ افزائی، جدت طرازی کا فروغ لازمی: منوج سنہا

نیوز سروس، اُفقو

جموں: ۴ نومبر: لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے بدھ کے روز لوک بھون جموں میں جموں وکشمیر ہائر ایجوکیشن کونسل کی میٹنگ کے صدارت کی یہ میٹنگ ہائر ایجوکیشن کونسل کی میٹنگ کے دوران اعلیٰ تعلیم کے معیار کو بہتر بنانے، تحقیق اور اختراع کو فروغ دینے، اور اُبھرتے ہوئے عالمی اور تکنیکی چیلنجوں کیلئے تعلیمی اداروں کو تیار کرنے کے اقدامات کا جائزہ لیا گیا، جبکہ بنیادی توجہ اسہات پر مرکوز کی گئی کہ جموں وکشمیر میں مجموعی طور پر اعلیٰ تعلیم کے ماحولیاتی نظام کو مضبوط بنانا ہے، تعلیمی اداروں کو بدلتی ہوئی صنعت کی ضروریات اور مستقبل کے پیشہ ورانہ تقاضوں کیساتھ ہم آہنگ کرنا اور ساتھ ہی طالب علم کی صلاحیتوں کی پرورش، تنقیدی سوچ کی حوصلہ افزائی، اور جدت طرازی کو فروغ دینا ہے۔ لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے اس بات پر زور دیا کہ اعلیٰ تعلیم کا مقصد صرف ڈگریاں فراہم کرنا نہیں ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ طلبہ کو علم، تحقیق، تخلیقی صلاحیتوں اور عملی تجربات سے لیس کرنے کی ضرورت ہے تاکہ انہیں مستقبل کے چیلنجز کا مقابلہ کرنے کے قابل بنایا جا سکے۔ تعلیمی نظام کی بنیادی ترجیحات میں شامل ہونا چاہیے۔ جموں وکشمیر ہائر ایجوکیشن کونسل اجلاس کے دوران اعلیٰ تعلیم کے منصوبے وضع کرنے، تعلیمی اداروں میں تحقیق و اختراع کو فروغ دینے اور طلبہ کو بدلتے ہوئے عالمی تعلیمی و صنعتی ماحول کے مطابق تیار کرنے کے لیے مختلف اقدامات پر غور وخوض کیا گیا۔ اس (باقی ص ۵ پر)

نیوز سروس، اُفقو

سماعت و گویائی سے محروم بچوں کو روزگار دینے کیلئے نجی ادارے آگے آئیں: ڈپٹی کمشنر سری نگر

نیوز ایجنسی

سری نگر: ۴ نومبر: ڈپٹی کمشنر سری نگر اکشے لبرو نے بدھ کو کشمیر کی نجی صنعت، بالخصوص دستکاری اور کشیدہ کاری سے وابستہ اداروں سے اپیل کی کہ وہ اسپیشل اسکول کے سماعت و گویائی کی دشواریوں کا سامنا کرنے والے بچوں کو روزگار فراہم کرنے کے لیے آگے آئیں۔ انہوں نے کہا کہ ضلع انتظامیہ ان بچوں کو اعلیٰ تعلیم اور روزگار کے بازار سے جوڑنے کے لیے کوشاں ہے۔ نامہ نگاروں سے گفتگو کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ بچوں کی تعلیٰ اور ترقی کے لیے ایک اہم کام یہ ہے کہ انہیں اعلیٰ تعلیم اور روزگار کے بازار میں کیسے شامل کیا جائے۔ انہوں نے بتایا کہ اس سلسلے میں دستکاری کے شعبے اور مشن پودا کے (۵ پر)

دربل بمنہ میں ہولناک آگ، تقریباً 80 عارضی رہائشی ڈھانچے خاکستر

کباڑ جمع کرنے والے دہلی کے 2 نوجوان جاں بحق

وزیر اعلیٰ کا اظہار تعزیت، لواحقین کو فی کنبہ 2 لاکھ روپے بطور ایکس گریشیا دینے کا اعلان

نیوز ایجنسی

سری نگر: ۴ نومبر: حکام نے بتایا کہ منگل اور بدھ کی درمیانی شب سری نگر کے علاقے بمنہ دربل میں آگ لگنے سے تقریباً 80 عارضی رہائش گاہیں جل کر خاکستر ہوگئیں، جس کے نتیجے میں 2 افراد ہلاک ہو گئے۔ خبر رساں ایجنسی جے کے این ایس کے مطابق ایک عہدیدار نے بتایا کہ آگ رات کے تقریباً ساڑھے 12 بجے شعلے ہوا کی تیزی سے ان عارضی رہائش گاہوں میں پھیل گئی، جو زیادہ تر ترپال اور لکڑی سے بنی ہوئی (باقی ص ۵ پر)

75 اگنی ویروں کو ملازمت میں 2 سال کی توسیع

مستقل فوجی بننے کا موقع بھی ملے گا

کابینہ نے وزارت دفاع کی تجویز کو منظوری دی

نئی دہلی: ۴ نومبر (یو ایس): مرکزی حکومت نے بدھ کے روز ایک اہم فیصلہ کرتے ہوئے اگنی پتھ اسکیم کے تحت چار سال کی مدت پوری کرنے کے بعد سبکدوش ہونے والے 75 فیصد اگنی ویروں کو مزید 2 سال تک خدمات انجام دینے کی منظوری دے دی ہے۔ اس کے بعد انہیں مستقل فوجی خدمات میں شامل ہونے کا موقع بھی ملے گا۔ وزیر اطلاعات نریندر مودی کی صدارت میں مرکزی کابینہ نے وزارت دفاع کی اس تجویز کو منظوری دی۔ قومی میڈیا سینٹر میں چیف آف ڈیفنس اسٹاف (سی ڈی ایس) جنرل انیل راج سہرابدھ نے بتایا کہ حکومت نے اگنی ویروں کے لیے ہندوستانی مسلح افواج میں شامل ہونے کا راستہ ہموار کرنے کی منظوری دے دی ہے۔ انہوں (۵ پر)

وزیر اعظم مودی کی زیر صدارت مرکزی کابینہ کی میٹنگ میں اہم فیصلے

اہم معدنیات کی پروسیسنگ کیلئے 2814 کروڑ روپے کی اسکیم کو منظوری

توانائی ذخیرہ کرنے کے نظام کیلئے 14,500 کروڑ روپے کی اسکیم بھی منظور

نئی دہلی: ۴ نومبر (یو ایس): مرکزی کابینہ نے ملک میں اہم معدنیات (کریٹیکل منرلز) کے نظام کو مضبوط بنانے اور ان کی پروسیسنگ کو فروغ دینے کے لیے 2,814 کروڑ روپے کی سرمایہ جاتی امداد کی اسکیم (کیپٹل سپورٹ اسکیم) کو منظوری دے دی ہے۔ اس اسکیم کے تحت مالی سال 2026-27 سے 2030-31 تک پانچ برسوں کے دوران 2,814 کروڑ روپے خرچ کیے جائیں گے۔ اطلاعات ونشریات کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے بدھ کے روز یہاں پریس بریفنگ میں کابینہ کے فیصلوں کی تفصیلات بتائیں۔ انہوں نے کہا کہ ہندوستان کا کریٹیکل منرل مشن منظم اور منصوبہ بند طریقے سے آگے بڑھ رہا ہے۔ اسی سلسلے میں آج اہم معدنیات کی پروسیسنگ کے لیے اسکیم کو منظوری دینا ایک اہم فیصلہ ہے۔ انہوں نے بتایا کہ اس اسکیم کا بنیادی مقصد کان کنی کی پارٹی سائیکلنگ کے ذریعے حاصل ہونے والے خام مال کو پروسیس کر کے اسے صنعتوں میں تیاری کے قابل بنانا ہے۔ حکومت کی جانب سے نشان زد کیے گئے (۵ پر)

امریکہ میں بڑا سیاسی اُلٹ پھیر، صدر ٹرمپ کی پارٹی کو وسط مدتی انتخابات میں شکست

ڈیموکریٹس کو سینیٹ انتخابات میں کامیابی حاصل، ایوان بالا میں ریپبلکن کا غلبہ ختم، 51 کے مقابلے میں صرف 35 سیٹیں

نیوز مانیٹرنگ

سری نگر: ۴ نومبر: امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ کو اسوقت ایک بڑا سیاسی جھٹکا لگا، جب ڈیموکریٹس نے امریکی سینیٹ پر دوبارہ کنٹرول حاصل کر لیا ہے، جس میں وائٹ ہاؤس میں حکمرانی پر ریپبلکن کنٹرول کی فیصلہ کن سرزنش کی ہے اور صدر ڈونلڈ ٹرمپ کیخلاف کانگریس کی مزاحمت کے ایک نئے دور کا آغاز کیا ہے۔ اب ایوان بالا میں پر ریپبلکن کی سیٹیں 35 اور ڈیموکریٹس نے اپنی سیٹوں کی تعداد 51 تک پہنچا دی ہے۔ منگل کو انتظام پذیر ہونے والے وسط مدتی انتخابات نے دوڑوں کی اہم گیتوں، ایران میں جنگ اور تھوتی بدعنوانی کے بارے میں خدشات کے حوالے سے گہری مایوسی کو جنم دیا۔ ایوان کی سیٹوں پر ریپبلکن کی 35 اور ڈیموکریٹس نے اپنی سیٹوں کی تعداد 51 تک پہنچا دی ہے۔ منگل کو انتظام پذیر ہونے والے وسط مدتی انتخابات نے دوڑوں کی اہم گیتوں، ایران میں جنگ اور تھوتی بدعنوانی کے بارے میں خدشات کے حوالے سے گہری مایوسی کو جنم دیا۔ ایوان کانگریس کی سیٹیں

The Daily CITY EXPRESS
Srinagar Kashmir
Thursday 5,Nov. 2026
2
روزنامہ سٹی ایکسپریس سرینگر

مرکزی وزیر صحت جے پی نڈا کا دورہ کشمیر آج

ایمز اونتی پورہ کا باضابطہ افتتاح کریں گے: جموں کشمیر میں صحت شعبے کی مجموعی صورتحال کا بھی جائزہ لیں گے

سرینگر/4 نومبر/
مرکزی وزیر صحت سے پی نڈا آج یعنی جمعرات کو کشمیر کے دورے پر پہنچ رہے ہیں جس دوران وہ ایمز اونتی پورہ کا باضابطہ طور پر افتتاح کریں گے۔ اس کے علاوہ مرکزی وزیر کی جانب سے جموں و کشمیر میں صحت شعبے کی مجموعی صورتحال، طبی سہولیات اور جاری ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ لینے کا بھی امکان ہے۔ ذرائع کے مطابق مرکزی وزیر صحت جگت پرکاش نڈا کے دورہ کشمیر کے پیش نظر مقامی انتظامیہ کی جانب سے تیاریاں کی جاری ہیں۔ دورے کا اہم پروگرام ایمز اونتی پورہ کا افتتاح ہوگا، جسے جموں و کشمیر میں طبی ڈھانچے کو مضبوط بنانے اور عوام کو جدید طبی سہولیات فراہم کرنے کی سمت ایک اہم پیش رفت قرار دیا جا رہا ہے۔ ذرائع کے مطابق مرکزی وزیر صحت اپنے دورے کے دوران محکمہ صحت کے اعلیٰ حکام سے ملاقات کر سکتے ہیں اور جموں و کشمیر میں صحت خدمات کی فراہمی، سرکاری اسپتالوں میں کارکردگی، طبی آلات اور بنیادی ڈھانچے کی دستیابی کے علاوہ جاری صحت منصوبوں پر پیش رفت کا جائزہ بھی لے سکتے ہیں۔ ہیلتھ شعبے کے جائزہ اجلاس کے انعقاد سے متعلق حتمی تفصیلات تاحال سامنے نہیں آئی ہیں۔ قابل ذکر ہے کہ ایمز اونتی پورہ کا قیام وادی کشمیر میں طبی درجے کی سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے ایک اہم منصوبہ ہے۔ اس ادارے کے مکمل طور پر فعال ہونے سے نہ صرف جنوبی کشمیر بلکہ وادی کے دیگر علاقوں اور ملحقہ ضلعوں کے مریضوں کو بھی جدید تشخیص، علاج، معالجے اور مخصوصی طبی خدمات سے استفادہ کرنے کا موقع ملنے کی توقع ہے۔ طبی ماہرین کے مطابق ایمز جیسے قومی درجے کے طبی ادارے سے ملنے میں طبی تعلیم، تحقیق اور ماہر ڈاکٹروں کی دستیابی بھی فروغ حاصل ہوگا، جبکہ علاقے میں وبائیدہ امراض کے علاج کے لیے مریضوں کو بیرون ریاست جانے کی ضرورت میں کمی آنے کے امکانات ہیں۔

بارہمولہ میں 31 لاکھ روپے کی لاگت سے نصب ٹریفک سگنل 8 سال سے غیر فعال

سال 2018 میں تین اہم چوراہوں پر نصب سگنل آج تک چالو نہ ہو سکے

سرینگر/4 نومبر/
شمالی ضلع بارہمولہ کے مختلف علاقوں میں نصب ٹریفک سگنل 8 سال سے غیر فعال ہونے کے نتیجے میں جگہ جگہ پر ٹریفک جام کے باعث لوگوں کو مشکلات کا سامنا ہے۔ پیپلز نیوز بیورو (این این ای) کے مطابق شمالی ضلع بارہمولہ میں ٹریفک کی بہتر سمولی بھیجار اور بدھی کے باعث عوام کو شدید مشکلات کا سامنا ہے، تاہم شہر کے تین اہم چوراہوں پر ٹریفک کی مکمل حرکت کو منظم بنانے اور ٹریفک جام کے مسئلے پر قابو پانے کے لیے آٹھ سال قبل نصب کیے گئے ٹریفک سگنل آج تک غیر فعال پڑے ہیں۔ ان سگنلوں کی تنصیب پر 31 لاکھ روپے سے زائد کی رقم خرچ کی گئی تھی، لیکن طویل عرصہ گزرنے کے باوجود انہیں عملی طور پر چالو نہیں کیا جا سکا، جس کے نتیجے میں سرکاری وقوامات کے استعمال اور متعلقہ نظام کی کارکردگی پر سوالات اٹھنے لگے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق سال 2018 میں بارہمولہ قصبے کے تین اہم مقامات تحصیل پوائنٹ، بٹن چوک اور آزاد گنج پل کے نزدیک ٹریفک سگنل نصب کیے گئے تھے۔ ان سگنلوں کی تنصیب کا بنیادی مقصد گاڑیوں کی آمدورفت کو منظم بنانا، ٹریفک جام پر قابو پانا اور سڑکوں پر ٹریفک کی روانی کو بہتر بنانا تھا، تاہم آٹھ سال گزرنے کے باوجود یہ منصوبہ عملی طور پر کامیاب نہیں ہو سکا۔ عوام حال ہی کا انداز اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ تحصیل پوائنٹ پر نصب ٹریفک سگنل مسلسل ٹمٹماتے رہتے ہیں اور گاڑیوں کی آمد و رفت کو منظم کرنے میں کوئی مؤثر کردار ادا نہیں کر رہے ہیں، جبکہ بٹن چوک اور آزاد گنج پل پر ٹریفک سگنل آج تک چالو نہیں ہو سکے ہیں۔ ایک مقامی محرر کا کہنا ہے کہ ایسا محسوس ہوتا ہے کہ اس منصوبے کے حوالے سے کسی کی کوئی جوابدہی نہیں ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ عوامی رقومات کی ایک بڑی رقم خرچ کرنے کے باوجود حکام نے غیر ٹریفک سگنلوں کو فعال بنانے کے لیے کوئی مؤثر اقدام نہیں اٹھایا، جو عام لوگوں کے لیے باعث تشویش ہے۔

نوگام اننت ناگ میں جنگلی ریچھ پنجرے میں قید

محکمہ وائلڈ لائف نے نزدیکی سنچری منتقل کر دیا، لوگوں نے لی راحت کی سانس

سرینگر/4 نومبر/ جنوبی ضلع اننت ناگ کے مضافاتی علاقہ پشرو ڈوگم میں لوگوں نے اس وقت راحت کی سانس لی جب جنگلی ریچھ کو موہودگی کے بعد محکمہ وائلڈ لائف نے پنجرہ نصب کیا تاہم جس کے بعد ریچھ اس میں بند ہو گیا۔ پیپلز نیوز بیورو (این این ای) نامہ نگار پرویز وانی نے اس ضمن میں تفصیلات فراہم کرتے ہوئے بتایا کہ جنوبی کشمیر کے ضلع اننت ناگ کے شاکس علاقے میں واقع پشرو ڈوگم میں محکمہ وائلڈ لائف کی جانب سے نصب کیے گئے پنجرے میں ایک ریچھ کو زندہ پکڑا گیا۔ علاقے میں گزشتہ کئی ہفتوں سے ریچھوں کی مسلسل نقل و حرکت کے باعث مقامی آبادی میں خوف و ہراس پایا جا رہا تھا۔ مقامی لوگوں نے بتایا کہ گزشتہ چند ہفتوں سے علاقے میں ریچھوں کی بار بار نقل و حرکت دیکھی جا رہی تھی، جس کے نتیجے میں لوگوں میں شدید بے چینی پائی جاتی تھی۔ لوگوں کا کہنا تھا کہ ریچھوں کی موجودگی سے انہیں اپنی جان و مال اور مال مویشیوں کے تحفظ کے حوالے سے خدشات لاحق تھے۔ مقامی آبادی کی شکایات اور علاقے میں ریچھوں کی نقل و حرکت کے پیش نظر محکمہ وائلڈ لائف کے کنزرویٹر رمم اچھرمل کی جانب سے علاقے میں مخصوص پنجرے نصب کیے گئے تھے تاکہ جنگلی جانوروں کو پکڑا جا سکے اور انہیں محفوظ مقام پر منتقل کیا جا سکے۔ محکمہ کے مطابق ہفتہ کی صبح ایک ریچھ ان پنجروں میں سے ایک میں پھنس گیا، جس کے بعد فوری طور پر محکمہ وائلڈ لائف کو اس بارے میں مطلع کیا گیا۔ محکمہ کے اہلکاروں نے بتایا کہ پنجرے میں پھنسے ریچھ کا بھی معائنہ کیا جائے گا اور جنگلی حیات کے تحفظ سے متعلقہ ضروری طبی اور طریقہ کار کے تحت اسے کسی موزوں اور قدرتی مسکن میں منتقل کیا جائے گا۔ قابل ذکر ہے کہ پشرو ڈوگم اور اس کے گردونواح میں حالیہ دنوں کے دوران ریچھ کو پنجرے سے یہ دوسرا واقعہ ہے۔

سوپور بائی پاس پُل کا مرمتی کام مقررہ وقت میں مکمل

ٹریفک کیلئے دوبارہ کھلا

سوپور: 4 نومبر: بلال احمد: حکام نے بتایا کہ مرمتی کام مکمل ہونے کے بعد سوپور بائی پاس پُل کو ٹریفک کے لئے دوبارہ کھول دیا گیا ہے۔ اس اہم سڑک کے عارضی طور پر بند رہنے کی وجہ سے مسافروں کو خاصی دقتوں کا سامنا کرنا پڑ رہا تھا۔ اب ان کا خاتمہ ہو گیا ہے۔ پُل کو دوبارہ کھولنے کی عمل سوپور پولیس، ٹریفک پولیس، سوئیل کونسل سوپور اور نگران انتظامیہ کی مربوط کوششوں سے ممکن ہوا۔ ان تمام اداروں نے مل کر کام کیا تاکہ مرمت کے دوران ٹریفک کا مؤثر انتظام برقرار رہے اور گاڑیوں کی آمد و رفت میں کوئی رکاوٹ نہ آئے۔ محکمہ پی ایم جی مربوط کوششوں، بروقت انتظامات اور عوام دوست رویے کے لیے تعریف کے مستحق ہیں۔ ان اقدامات کی بدولت مسافروں کی مشکلات کم ہوئیں اور مرمتی کام کے دوران بھی ٹریفک کا نظام منظم طریقے سے چلتا رہا۔ بائی پاس پُل کے دوبارہ کھلنے سے سوپور اور اس کے ملحقہ علاقوں، جن میں کیرو، ہومہامہ، زیبہ گیر، رفیع آباد اور باندی پورہ شامل ہیں، کے درمیان سفر کرنے والے لوگوں کو بڑی راحت ملنے کی توقع ہے۔

ممبر اسمبلی لالچوک سری نگر احسان پردیسی کو صدمہ

والد کا انتقال، بٹوارہ میں نماز جنازہ ادا

سری نگر: 4 نومبر:
نیشنل کانفرنس سے وابستہ ممبر اسمبلی لال چوک احسان پردیسی کے والد اور سابق ایم ایل اے غلام قادر پردیسی کا انتقال ہو گیا ہے۔ مرحوم کا نماز جنازہ بدھ کی صبح 11 بجے عیدگاہ پارک، بٹوارہ میں ادا کیا گیا، جس میں بڑی تعداد میں سیاسی لیڈروں، کارکنوں اور عام لوگوں نے شرکت کی۔ بے شمار این سی کے مقامی و وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے بھی کے ذریعہ این سی کے مقامی و وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے بھی کے ذریعہ این سی کے قانون ساز کونسل اور نیشنل کانفرنس کے سینئر رہنما غلام قادر پردیسی کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے اُنہوں نے کہا کہ انتقال کر گئے۔ ایس پی جہانگیر ایک قومی یکجہتی کے علمبردار تھے۔ اُنہوں نے اپنی ساتھی احسان پردیسی اور سوگوار خاندان سے دلی تعزیت کا اظہار کیا۔ عمر عبداللہ نے لکھا کہ اللہ مرحوم کی مغفرت فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ ممبر اسمبلی لالچوک سری نگر احسان پردیسی نے اپنے والد کے انتقال پر دلی تعزیت کا اظہار کرتا ہوں۔ وزیر اعلیٰ نے مرحوم کی روح کے ایصال ثواب کے لئے فاتحہ خوانی کی۔ واضح رہے کہ غلام قادر پردیسی صاحب کا انتقال جمعرات کی رات کو 11 بجے ہیرہ پارک، بٹوارہ میں ادا کیا گیا، جس میں بڑی تعداد میں سیاسی لیڈران، بیوروکریٹس اور عام لوگوں نے شرکت کی۔ مرحوم کا نماز جنازہ بدھ کے روز سہ پہر 2 بجے عیدگاہ پارک، بٹوارہ میں ادا کیا گیا، جس میں بڑی تعداد میں سیاسی لیڈران، بیوروکریٹس اور عام لوگوں نے شرکت کی۔ بے شمار این سی کے مقامی و وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے بھی کے ذریعہ این سی کے قانون ساز کونسل اور نیشنل کانفرنس کے سینئر رہنما غلام قادر پردیسی کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے اُنہوں نے کہا کہ انتقال کر گئے۔ ایس پی جہانگیر ایک قومی یکجہتی کے علمبردار تھے۔ اُنہوں نے اپنی ساتھی احسان پردیسی اور سوگوار خاندان سے دلی تعزیت کا اظہار کیا۔ عمر عبداللہ نے لکھا کہ اللہ مرحوم کی مغفرت فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

جموں کشمیر اور لداخ ہوئی کورٹ کی جانب سے حکمنامہ جاری

نئے تعینات سیول ججوں کو جوڈیشل مجسٹریٹ فرسٹ کلاس کے اختیارات تفویض

سرینگر/4 نومبر/ جموں و کشمیر ہائی کورٹ نے سیول ججوں کو جوڈیشل مجسٹریٹ فرسٹ کلاس کے اختیارات تفویض کر دیئے جس دوران انہیں اعترافی بیانات ریکارڈ کرنے، ضمانتیں دینے کی سہولت، ویکیشن کی گھریلو اور طلاق کے معاملات کی تصدیق کے اختیارات حاصل ہوں گے۔ ہیڈکوارٹر جموں و کشمیر اور لداخ نے حال ہی میں تعینات کیے گئے سول ججز (جونیئر ڈویژن) کو ان کے متعلقہ اضلاع میں جوڈیشل مجسٹریٹ فرسٹ کلاس کے اختیارات تفویض کرنے کے حکم جاری کیا ہے۔ اس فیصلے کے تحت یہ تفویض سول جج خصوصی قانونی امور انجام دینے کے جاز ہوں گے، جن میں اعترافی بیانات اور دیگر بیانات ریکارڈ کرنا، ضبط شدہ مشتبہ اور دیگر معروضہ اشیا کے ٹکڑوں کی تیاری، سیلنگ اور سیلنگ کے عمل کی نگرانی کرنا اور حلف ناموں کے لیے حلف لینے سمیت دیگر امور شامل ہیں۔ ان حکمین میں جموں کشمیر اور لداخ ہائی کورٹ کے رجسٹرار جنرل کے دفتر کی جانب سے جاری کردہ حکم نامے کے مطابق، یہ اختیارات بھارتیہ ناگرک سرکشا سنہتا 2023 کی دفعہ 9 اور نیائے دفعہ (3) کو دفعہ 183، انڈین ڈی ایس ایکٹ 1965 کی دفعہ 52 اور نوٹیبل انسٹرومنٹس ایکٹ 1881 کی دفعہ 31 کی ذیلی دفعہ (2) کی شق (اے) کے تحت تفویض کیے گئے ہیں۔ حکم نامے میں کہا گیا ہے کہ سول جج (جونیئر ڈویژن) اپنے متعلقہ اضلاع میں عدالتوں میں فراہم کی جانے والی تمام سہولیات کو استعمال کرتے ہوئے یہ کام انجام دیں گے۔ حکم نامے میں کہا گیا ہے کہ ان اختیارات کا استعمال صرف مخصوص نوعیت کے مقدمات میں ہی کیا جائے گا، جو کہ ان کے لیے مختص کیے گئے ہیں۔ حکم نامے میں کہا گیا ہے کہ ان اختیارات کا استعمال صرف مخصوص نوعیت کے مقدمات میں ہی کیا جائے گا، جو کہ ان کے لیے مختص کیے گئے ہیں۔

کشمیر کے میدانی علاقوں میں اگلے ہفتے موسم کی پہلی برف باری کا امکان

سری نگر، 4 نومبر (وں)
وادی کشمیر میں جاری خشک موسم کے بیچ محکمہ موسمیات نے اگلے ہفتے موسم میں تبدیلی کی پیش گوئی کی ہے، جس کے نتیجے میں میدانی علاقوں میں بھی موسم کی پہلی برف باری کا امکان ہے۔ ماہر موسمیات سلیم لوتس کے مطابق مغربی ہواؤں کے جنوب و شمیر کی طرف بڑھنے کے پیش نظر 11 تا 13 نومبر تک وادی کشمیر، لداخ اور جموں کے بالائی علاقوں میں وسیع پیمانے پر برف باری اور بارش کا امکان ہے۔ اس دوران وادی کے میدانی علاقوں میں بھی ہلکی سے درمیانی درجے کی برف باری یا بارش ہو سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ پیش گوئی ابھی حتمی نہیں ہے اور آنے والے دنوں میں موسم حوال واضح ہونے پر ایڈوائزری جاری کی جائے گی۔ انہوں نے کہا، "یہ سب تدرت کا کھیل ہے۔ ہواؤں کا رخ کسی بھی وقت بدل سکتا ہے، ہمیں بھی کنزرویٹو پیشگوئی دینا ہوتی ہے، ابھی ابھی صورتحال کچھ نہیں کہی جا سکتی۔" محکمہ موسمیات کے مطابق وادی میں 10 نومبر تک موسم خشک رہنے کے بادلی علاقوں میں وسیع پیمانے پر برف باری اور بارش ہو سکتی ہے۔ سلم لوتس کے مطابق آنے والے دنوں میں ہواؤں کی رفتار وسطی ہونے سے ہلکی برف باری یا

علی محمد ساگر کا بروقت ریلیف اور بحالی اقدامات پر زور

افسران کو مائیگرنٹوں اور آفات سے متاثرہ کنبوں کی فلاح و بہبود کو یقینی بنانے کی ہدایت

مائیگرنٹ کی پراپرٹی کی بحالی، مائیگرنٹ کالونیوں میں بہتر سہولیات، فوری معاوضہ اور آفات سے نمٹنے کی تیاریوں کو مضبوط بنانے پر زور

جموں/04 نومبر 2026ء: ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جموں علی محمد ساگر نے آج ریونیو، پارلیمنٹری افیئرز، ڈیزاسٹر مینجمنٹ، ریلیف، ری ہیبلی ٹیشن اور ورکس ڈپارٹمنٹ کے افسران کے ساتھ ایک جائزہ میٹنگ کی صدارت کی جس میں مائیگرنٹ کالونیوں میں بہتر سہولیات، فوری معاوضہ اور آفات سے نمٹنے کی تیاریوں کو مضبوط بنانے پر زور دیا گیا۔

میٹنگ میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جموں کے ساتھ ساتھ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (اے ڈی سی) جموں، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) جموں، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ڈیولپمنٹ) جموں، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ایڈمن) جموں، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ایڈمن) ریاسی، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ایڈمن) کٹھوعہ، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ایڈمن) سانبہ، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ایڈمن) کشتواڑ، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ایڈمن) ڈوڈہ، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ایڈمن) رام بن، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ایڈمن) پونچھ، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ایڈمن) راجوری، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ایڈمن) ادھم پور، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ایڈمن) کٹرہ

روزنامہ ایکسپریس سرینگر
The Daily Srinagar Kashmir CITY EXPRESS
4
Thursday 5,Nov. 2026

یتیموں کے حقوق (۱)

از: خواجہ نور الرحمان اویسی

اسلام نے مسلمانوں کو یتیم بچوں کے حقوق ادا کرنے اور ان کے حقوق کی نگہبانی کرنے کی بڑی سختی سے تاکید کی ہے۔ اسلام ایک مکمل نظام حیات ہے اس میں معاشرے کے ہر فرد کے حقوق کا خیال رکھا گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے کسی کو بے یار و مددگار نہیں چھوڑا۔ ہر ایک کے لیے ایسے اسباب و ذرائع مہیا کر دیے ہیں کہ وہ آسانی کے ساتھ اللہ کی زمین پر رہ کر اپنی زندگی کے دن گزار سکے۔ یتیم و نادار اور لاوارث بچوں کے بھی معاشرتی حقوق ہیں۔ ان کی مکمل کفالت ان کے حقوق کی پاسداری ہے اور اس سے منہ موڑ لینا انکے حقوق کی پامالی ہے۔ یتیم اس نابالغ بچے کو کہا جاتا ہے کہ جس کے سر سے اس کے باپ کا سایہ اٹھ گیا ہو اور وہ شفقت پدری سے محروم ہو گیا ہو۔

قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔ ترجمہ: اور یتیموں کو ان کے مال دے دو اور اچھے مال کو خراب سے تبدیل نہ کرو، اور ان (یتیموں) کا مال اپنے مال کے ساتھ ملا کر مت کھاؤ! بے شک یہ بڑا گناہ ہے (سورۃ النساء: 02) یتیم کے حقوق پر اسلام نے بہت زور دیا ہے۔ اس کا اندازہ اس حقیقت سے لگایا جا سکتا ہے کہ قرآن حکیم میں تینتیس مختلف مواقع پر یتیم کا ذکر کیا گیا ہے جن میں یتیموں کے ساتھ حسن سلوک، ان کے اموال کی حفاظت اور ان کی نگہداشت کرنے کی تلقین کی گئی ہے۔ اور ان پر ظلم و زیادتی کرنے والے، ان کے حقوق و مال غصب کرنے والے کے لیے وعید یہاں کی گئی ہے۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے: یتیم کا مال ناحق کھانا کبیرہ گناہ اور سخت حرام ہے۔ (سورۃ الرعد)

افسوس کہ لوگ اس کی بھی پروا نہیں کرتے عموماً یتیم بچے اپنے تایا، چچا وغیرہ کے ظلم و ستم کا شکار ہوتے ہیں، انہیں اس حوالے سے نور کرنا چاہیے۔ ارشاد ربانی ہے: جو لوگ ناحق ظلم سے یتیموں کا مال کھا جاتے ہیں، وہ اپنے پیٹ میں آگ بھر رہے ہیں اور عنقریب وہ دوزخ میں داخل کیے جائیں گے اور یتیموں کا مال (جو تمہاری تحویل میں ہو) ان کے حوالے کر دو اور ان کے پاکیزہ (اور عمدہ) مال کو (اپنے ناقص اور) برے مال سے نہ بدلو اور ان کا مال اپنے مال میں ملا کر کھانا کہ یہ بڑا سخت گناہ ہے (سورۃ النساء) اللہ سبحانہ وتعالیٰ کا فرمان ہے اور یہ آپ سے یتیموں کے بارے میں سوال کرتے ہیں، آپ کہہ دیجئے کہ ان کی خیر خواہی کرنا بہتر ہے اور اگر تمہارا ان کا مال اپنے مال میں ملا بھی لو تو وہ تمہارے بھائی ہیں، اللہ تعالیٰ بدنیت اور نیک نیت ہر ایک کو خوب جانتا ہے اور اگر اللہ تعالیٰ چاہتا تو تمہیں مشقت میں ڈال دیتا یقیناً اللہ غالب اور حکمت والا ہے (سورۃ البقرہ 220) جس کے زیر سایہ کوئی یتیم ہو تو اسے چاہیے کہ وہ اس یتیم کی اچھی پرورش کرے، احادیث میں یتیم کی پرورش اور اس سے حسن سلوک کے بے شمار فضائل بیان کئے گئے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا "میں اور یتیم کی کفالت کرنے والا جنت میں اس طرح ہوں گے، پھر اپنی شہادت والی اور درمیان والی انگلی سے اشارہ فرمایا اور انہیں کشادہ کیا (صحیح بخاری)

.....(جاری).....

روزنامہ
ایکسپریس
سرینگر کشمیر

مورخہ ۵ نومبر ۲۰۲۶ بروز جمعرات

بچپن میں بچوں کی دیکھ بھال اہم؟

بچپن کا اصل جوہر ہنسنے، کھیلنے اور بے فکری سے زندگی گزارنے میں پوشیدہ ہے۔ نشوونما کے ان ابتدائی سالوں میں کھیل کود اور تفریح محض لطف اندوزی کا ذریعہ نہیں ہوتے بلکہ یہ بچے کی ہمہ جہت نشوونما کی بنیاد رکھتے ہیں۔ تاہم موجودہ طرز زندگی نے بچپن کے اس حسین دور کو صحت کے سنگین مسائل سے دوچار کر دیا ہے۔ بچوں میں ٹائپ 2 ذیابیطس کے بڑھتے ہوئے کیسز اس بات کا واضح ثبوت ہیں۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ بچوں میں ٹائپ 2 ذیابیطس کا بڑھتا ہوا رجحان صحت کے ایک سنگین بحران کی شکل اختیار کر چکا ہے۔ یہ بیماری، جسے کبھی بنیادی طور پر صرف بالغوں کے لیے ایک بڑا خطرہ سمجھا جاتا تھا، اب تیزی سے بچوں کو بھی متاثر کر رہی ہے۔ اس رپورٹ میں ہم تفصیل سے جائزہ لیں گے کہ بچوں میں ٹائپ 2 ذیابیطس کیسے پیدا ہوتی ہے۔ اس کی بنیادی وجوہات کیا ہیں، اور والدین کو اس بارے میں کیا جاننے کی ضرورت ہے۔ ماہرین نشاندہی کرتے ہیں کہ اسکرین ٹائم (اسکرین کے سامنے وقت گزارنے) اور الیکٹرانک آلات کے بڑھتے ہوئے استعمال کی وجہ سے بچپن کی حقیقی خوشیوں یعنی کھیل کود اور بے فکری سے زندگی گزارنے سے محروم ہو رہے ہیں۔ اس تبدیلی کا بچوں کی جسمانی اور ذہنی صحت پر براہ راست اثر پڑتا ہے، اور ٹائپ 2 ذیابیطس کے کیسز میں اضافہ اس کا ایک تشویشناک نتیجہ ہے۔ جدید طرز زندگی، جسمانی سرگرمیوں کا فقدان، اسکرین کے سامنے ضرورت سے زیادہ وقت گزارنا، موٹاپا اور غیر صحت بخش غذائی عادات اس کیفیت کی بنیادی وجوہات ہیں مختلف مطالعات سے پتہ چلتا ہے کہ 3 سے 18 سال کی عمر کے 8.40 فیصد بچے ٹائپ 2 ذیابیطس کا شکار ہیں، جبکہ 12.40 فیصد بچے موٹاپے کے منطقے سے دوچار ہیں۔ ہمارے جسم میں انسولین نامی ہارمون، کھائی جانے والی خوراک کو گلوکوز میں تبدیل کرنے کے لیے انتہائی ضروری ہے۔ جو پھر جسم کے خلیات کو توانائی فراہم کرتا ہے۔ تاہم آج کے دور میں جنک فوڈ (غیر معیاری اور بازاری کھانے) اور پروسیس شدہ غذاؤں کا استعمال، جسمانی سرگرمیوں کی کمی، بڑھتا ہوا موٹاپا چند کے مسائل اور موروثی عوامل کی وجہ سے، بچوں کے جسم میں موجود خلیات انسٹولین کا موثر طریقے سے استعمال کرنے یا اس پر مناسب ردعمل ظاہر کرنے سے قاصر رہتے ہیں۔ نتیجے کے طور پر خوراک سے حاصل ہونے والا گلوکوز خلیات کے اندر داخل نہیں ہو پاتا اور خون کے بہاؤ میں ہی موجود رہتا ہے۔ جسم کی انسولین کو استعمال کرنے کی یہ کمزور صلاحیت ہی بچوں میں ٹائپ 2 ذیابیطس کی بنیادی وجہ سمجھی جاتی ہے۔ بچوں میں ٹائپ 2 ذیابیطس کا آغاز اکثر بہت آہستہ آہستہ ہوتا ہے۔ اگرچہ ابتدائی مراحل میں کوئی نمایاں علامات ظاہر نہیں ہوتیں لیکن خون میں شوگر کی سطح بڑھنے کے ساتھ کچھ قابل غور تبدیلیاں رونما ہو سکتی ہیں۔ بار بار پیشاب آنا: جسم خون کے بہاؤ سے اضافی شوگر کو خارج کرنے کی کوشش کرتا ہے، جس کی وجہ سے بچوں کو بار بار پیشاب آتا ہے۔ شدید پیاس لگنا: جسم سے سیال ماداوں کے تیزی سے اخراج کے باعث پانی کی کمی ہو جاتی ہے، جس کی وجہ سے بچے معمول سے زیادہ پانی مانگتے ہیں۔ شدید تھکاوٹ: چونکہ خلیات گلوکوز کو توانائی میں تبدیل کرنے سے قاصر ہوتے ہیں، اس لیے جسم ہڈ حال ہو جاتا ہے اور بچے سست یا کاہل نظر آسکتے ہیں۔ نظر کا دھندلانا: خون میں شوگر کی سطح میں اتار چڑھاؤ آنکھوں کے عدسوں کو متاثر کرتا ہے، جس کے نتیجے میں نظر دھندلا جاتی ہے۔ جلد کا رنگ گہرا ہونا: اکینتھوسس نائگرکینز جلد کی ایک ایسی کیفیت ہے جو اس وقت پیدا ہوتی ہے جب انسولین ٹھیک سے کام نہیں کرتی، اس کی وجہ سے جلد خاص طور پر گردن، بغلوں اور رانوں کے ارد گرد موٹی اور گہرے رنگ کی ہو جاتی ہے۔ وزن میں اچانک کمی: خوراک یا طرز زندگی میں کسی تبدیلی کے بغیر وزن کا کم ہو جانا، بچوں کا دبلے میں شوگر کی سطح زیادہ ہونے کی وجہ سے چھوٹے کٹ یا زخم کو بھرنے میں معمول سے کہیں زیادہ وقت لگ سکتا ہے۔ ٹائپ 2 ذیابیطس کا خطرہ سب سے زیادہ کن بچوں کو ہوتا ہے؟۔ یہ خطرہ ان بچوں میں زیادہ ہوتا ہے، جن کا وزن غیر صحت بخش غذائی عادات کی وجہ سے بڑھ گیا ہو خاص طور پر وہ بچے جن کے پیٹ کے ارد گرد چربی جمع ہو گئی ہو۔ سارا دن ایک ہی جگہ بیٹھے رہنا یعنی جسمانی سرگرمیوں میں حصہ لینے کے بجائے ٹیلیویژن اسکرینوں کے سامنے وقت گزارنا اس خطرے کو مزید بڑھا دیتا ہے۔ فاسٹ فوڈ پر وسیع پیمانے پر تیار کردہ غذائیں) اور چینی سے بھرپور اشیاء (اسنیکس) کا استعمال۔ اگر والدین یا خاندان کے قریبی افراد کو ٹائپ 2 ذیابیطس ہو تو بچوں میں بھی اس بیماری کے پیدا ہونے کا خطرہ زیادہ ہوتا ہے۔ وہ بچے جو وقت سے پہلے پیدا ہوتے ہیں یا جن کا پیدائش کے وقت وزن کم ہوتا ہے، ان میں بھی زندگی کے بعد کے مراحل میں اس بیماری کا شکار ہونے کا امکان زیادہ ہو سکتا ہے۔ والدین کے لیے اہم معلومات: بچے کا صحت مند مستقبل اس کے روزمرہ کے طرز زندگی پر منحصر ہوتا ہے؛ لہٰذا اپنے بچے کے وزن پر نظر رکھیں اور اس بات کو یقینی بنائیں کہ یہ اس کی عمر کے لحاظ سے مناسب ہو۔ انہیں پیک شدہ اسنیکس یا چینی والی اشیاء دینے سے گریز کریں؛ اس کے بجائے ان کی خوراک میں گھر کا پکا ہوا کھانا، سبز پتوں والی سبزیاں اور مکمل اناج شامل کریں۔ بچوں کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ روزانہ کم از کم ایک گھنٹہ باہر کھیل کود اور دوڑ بھاگ میں گزاریں۔

از: ڈاکٹر عائض القرنی

کچھ میرے پاس بھی ارسلہ خان ہوا" یہی اس کی ظریف، مجذوب لاوی پر بارش ہو مان کے دروازے کے قریب کھڑا تھا۔ لاوی نے اسے پاس بلایا، وارد سے لیے گھر لاوی۔ اور اچھی شاور کروا کر، کپڑے بدلوا کر، شاید یہی پہلی بار تھا کہ اس نے آئینہ دیکھا ہوگا۔ اس نے اپنے چہرے پر کیے ہوئے بدنما داغ دیکھے، اور اس کی آنکھوں میں آنسو آ گئے۔ اس نے لاوی سے کہا: "میں اس قابل نہیں کہ آپ میرے لیے اتنا کچھ کریں۔" لاوی نے جواب دیا: "تم اس قابل ہو کہ تمہارے لیے اس سے بھی زیادہ کیا جائے۔" اس نے اسے ایک اچھا سا کام بھی دلوا دیا۔ اور اس کی تنخواہ بھی اچھی مقرر کر دی۔ کچھ ہی عرصے میں اس کی شخصیت بدل گئی۔ وہ اب ایک خوبصورت اور دین دار نوجوان تھا۔ اس کے اخلاق اور کردار کی خوشبو دور دور تک پھیل گئی۔ ایک دن لاوی نے اسے بلایا اور کہا: "بیٹا! میں بوڑھا ہو چکا ہوں، میرا کوئی بیٹا نہیں، میری ساری دولت اور کاروبار کا تم ہی وارث ہو۔" یہ سن کر وہ نوجوان رو پڑا۔ اس نے کہا: "میں نے تو آپ کے لیے کچھ بھی نہیں کیا، آپ نے مجھے سب کچھ دیا ہے۔" لاوی نے مسکرا کر کہا: "بیٹا! جب تم نے میرے بیٹے کی جان بچائی تھی، تب ہی میرا سب کچھ تمہارا ہو گیا تھا۔" یہ کہانی ہمیں سکھاتی ہے کہ نیکی کبھی ضائع نہیں جاتی۔ ہو سکتا ہے کہ جس کی مدد کی، وہ آپ کا شکریہ ادا نہ کرے، ہو سکتا ہے کہ لوگ آپ کی نیکی کو بھول جائیں، لیکن اللہ کبھی نہیں بھولتا۔ وہ ہر نیکی کا اجر کئی گنا بڑھا کر عطا فرماتا ہے۔ اور کبھی کبھی وہ اجر اسی دنیا میں، اسی زندگی میں، کسی ایسے شخص کے ذریعے لوٹا دیتا ہے جس کی ہم نے کبھی مدد کی تھی۔ اس لیے کسی کی مدد کرتے وقت یہ نہ سوچیں کہ وہ آپ کو کیا دے گا، بلکہ یہ سوچیں کہ اللہ آپ کو کیا دے گا۔ اور یقین رکھیں، اللہ کے خزانے کبھی خالی نہیں ہوتے۔

بوتل کا آسیب

سینٹ میں بوتل ڈھونڈی، اور پھینک دی بوتل اس کے ہاتھ میں آئی، اس کی پیشانی خاک ہو گئی۔

بوسے کے آئینے میں خود کو دیکھا۔ اس کی جلد بالکل سلامت تھی۔ بیماری کا نشان تک باقی نہیں تھا۔ سگر شفا کی خوشی کے ساتھ ساتھ اس کے دل میں ایک انوکھا خوف نے جنم لے لیا۔ رات کے وقت وہ بوتل کے پاس گیا۔ اس نے بوتل سے کہا: "میرے لیے ایک انوکھی بوتل پیدا کرو۔" بوسے نے کہا: "تم یہ کیا مانگ رہے ہو؟" اس نے کہا: "میں نہیں جانتا، لیکن مجھے ایک نئی بوتل چاہیے۔" بوسے نے بوتل کو رگڑا، اور ایک نئی بوتل ظاہر ہو گئی۔ اس نے بوتل کو اٹھایا، اور اس کے دل میں ایک عجیب سی خواہش پیدا ہوئی۔ اس نے بوتل سے کہا: "میں چاہتا ہوں کہ میرے پاس بہت سا پیسہ ہو۔" بوتل سے دھواں نکلا، اور اس کے ہاتھ میں بہت سا پیسہ آ گیا۔ اس نے خوشی سے بوتل کو چوما، اور اس کے دل میں ایک اور خواہش پیدا ہوئی۔ اس نے بوتل سے کہا: "میں چاہتا ہوں کہ میرے پاس بہت سی گاڑیاں ہوں۔" بوتل سے دھواں نکلا، اور اس کے سامنے بہت سی گاڑیاں آ گئیں۔ اس نے بوتل کو چوما، اور اس کے دل میں ایک اور خواہش پیدا ہوئی۔ اس نے بوتل سے کہا: "میں چاہتا ہوں کہ میرے پاس بہت سی زمین ہو۔" بوتل سے دھواں نکلا، اور اس کے سامنے بہت سی زمین آ گئی۔ اس نے بوتل کو چوما، اور اس کے دل میں ایک اور خواہش پیدا ہوئی۔ اس نے بوتل سے کہا: "میں چاہتا ہوں کہ میرے پاس بہت سی عورتیں ہوں۔" بوتل سے دھواں نکلا، اور اس کے سامنے بہت سی عورتیں آ گئیں۔ اس نے بوتل کو چوما، اور اس کے دل میں ایک اور خواہش پیدا ہوئی۔ اس نے بوتل سے کہا: "میں چاہتا ہوں کہ میرے پاس بہت سی طاقت ہو۔" بوتل سے دھواں نکلا، اور اس کے سامنے بہت سی طاقت آ گئی۔ اس نے بوتل کو چوما، اور اس کے دل میں ایک اور خواہش پیدا ہوئی۔ اس نے بوتل سے کہا: "میں چاہتا ہوں کہ میرے پاس بہت سی دولت ہو۔" بوتل سے دھواں نکلا، اور اس کے سامنے بہت سی دولت آ گئی۔ اس نے بوتل کو چوما، اور اس کے دل میں ایک اور خواہش پیدا ہوئی۔ اس نے بوتل سے کہا: "میں چاہتا ہوں کہ میرے پاس بہت سی خوشی ہو۔" بوتل سے دھواں نکلا، اور اس کے سامنے بہت سی خوشی آ گئی۔ اس نے بوتل کو چوما، اور اس کے دل میں ایک اور خواہش پیدا ہوئی۔ اس نے بوتل سے کہا: "میں چاہتا ہوں کہ میرے پاس بہت سی صحت ہو۔" بوتل سے دھواں نکلا، اور اس کے سامنے بہت سی صحت آ گئی۔ اس نے بوتل کو چوما، اور اس کے دل میں ایک اور خواہش پیدا ہوئی۔ اس نے بوتل سے کہا: "میں چاہتا ہوں کہ میرے پاس بہت سی عمر ہو۔" بوتل سے دھواں نکلا، اور اس کے سامنے بہت سی عمر آ گئی

The Daily CITY EXPRESS
Srinagar Kashmir
5
Thursday 5,Nov. 2026
روزنامہ ایکسپریس سرینگر

باقیات

لیفٹننٹ گورنر کی

موقع پر اس بات پر زور دیا گیا کہ تعلیمی اداروں کو نہ صرف معیاری تعلیم فراہم کرنے پر توجہ مرکوز کرنی چاہیے بلکہ انہیں جدید دور کی ضروریات اور مستقبل میں سامنے آنے والے چیلنجز سے نمٹنے کیلئے بھی تیار رہنا ہوگا۔ مکمل اطلاعات وحقائق عامہ کی جانب سے جاری تفصیلات کے مطابق لیفٹیننٹ گورنر شری منوج سنہا نے بدھ کے روز نوک جھوں میں جموں وکشمیر پاور ایجوکیشن کونسل کے ایک اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کی۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر علی عمر عباسی، اسکول ایجوکیشن، ہائر ایجوکیشن اور محکمہ تکنیکی کی ڈویژنل ہیڈ آفروذیں، جموں وکشمیر ہائر ایجوکیشن کونسل کے وائس چیئرمین پروفیسر دیپنش سنگھ، تمام متام چیف سیکریٹری اور ایڈیشنل چیف سیکریٹری (محکمہ خزانہ، ہیلتھ اینڈ ریسرچ، ہوم، ہیلتھ اینڈ میڈیکل ایجوکیشن، ٹرانسپورٹ، ریونیو، ڈیزاسٹر مینجمنٹ، ریلیف اینڈ ریہیبلی ٹیشن، ایگریکلچر اینڈ فوڈ پروسیسنگ، ہاؤسنگ اینڈ اربن ڈیولپمنٹ، ٹورزم، ہائر ایجوکیشن، ایجوکیشن، ایگریکلچر اینڈ فارمرز ویلفیئر، ایگریکلچر پروڈکشن، ایگریکلچر ایجوکیشن، ایگریکلچر ایکسٹینشن، ایگریکلچر ریسرچ، ایگریکلچر ٹریننگ، ایگریکلچر ویلفیئر، ایگریکلچر ویمن، ایگریکلچر یوتھ

عمران فاروق کی بطور ایس پی سی بی آئی جموں تقرری

سری نگر، 04 نومبر (ک؍س): وزارت داخلہ کی طرف سے جاری کردہ ایک حکم نامے کے مطابق عمران فاروق، پے کے پی ایس کو ایس پی سنٹرل بیورو آف انوسٹی گیشن (سی بی آئی)، اکنامک کرائم برانچ (اے سی بی)، جموں تعینات کیا گیا ہے۔ واضح رہے 03 نومبر کو سی بی آئی ڈائریکٹر کی منظوری سے ڈائسز اور پوسٹنگ کی گئی تھی۔ غور طلب ہے کہ عمران فاروق اپنی دیانتداری، پیشہ ورانہ فیصلے کے لیے جانے جاتے ہیں۔

ازنیابت اگی پچہ

عنوان: درخواست بابت نگلو دزیر ولد جنگ بہادر نگلو وزیر ساکنہ مانو جی تا پایت اجرائی ST-II سرٹیفکیٹ تحت SRO 294

اشتہار بمراد آگاہی ہر خاص وعام

معاملہ مندرجہ عنوان الصدر میں سائل نے ایک درخواست بغرض ST-II سرٹیفکیٹ دفتر ہذا میں دائر کی ہے جو کہ اس وقت زیر کارروائی ہے سائل کا کنبہ پذیل افراد پر مشتمل ہے

نام والدیت	عمر	رشتہ
نگلو دزیر ولد جنگ بہادر نگلو وزیر	55	شوہر
راجندر کور وزیر بنت نگلو وزیر	45	گھریلو کام
امن جیت نگلو وزیر ولد نگلو وزیر	14	زیر تعلیم

اگلے ماہ اور کوئی فرد نہیں ہے لہذا سرٹیفکیٹ اجرا کرنے میں اگر کسی کو کوئی اعتراض ہو تو ایک ہفتے کے اندر متعلقہ دفتر میں دفتری اوقات کے دوران پیش کرے۔ معاوگزرنے کے بعد کوئی بھی اعتراض قابل قبول نہ ہوگا۔

نائب تحصیلدار 010

اطلاع عام

بجلی کنکشن انگیریمنٹ زیر آئی، ڈی نمبر 0214010011318، جو کہ مسمی محمد نیاز بجارڈ ولد سلطان بجارڈ ساکنہ ویدی پورہ ناگ ناگ ہندوارہ کے نام پر درج ہے، لیکن اب اسکو مسمی خیری بی بی زوجہ نیاز احمد بجارڈ کے نام کرانا مطلوب ہے، اس بارے میں اگر کسی کو کوئی اعتراض ہو تو وہ ایک ہفتے کے اندر انجمن محکمہ بجلی کے سب ڈویژن ہندوارہ کے دفتر میں پیش کرے، بعد از میعاد کوئی بھی اعتراض قابل قبول نہ ہوگا۔

خیری بی بی زوجہ نیاز احمد بجارڈ ساکنہ ویدی پورہ ناگ ناگ ہندوارہ 004

اطلاع عام

بجلی کنکشن انگیریمنٹ زیر آئی، ڈی نمبر 0214010021011، جو کہ مسمی نورالدین بجارڈ ولد عبدالاحد بجارڈ ساکنہ ویدی پورہ ناگ ناگ ہندوارہ کے نام پر درج ہے، لیکن اب اسکو مسمی جاوید احمد بجارڈ ولد نورالدین بجارڈ کے نام کرانا مطلوب ہے، اس بارے میں اگر کسی کو کوئی اعتراض ہو تو وہ ایک ہفتے کے اندر انجمن محکمہ بجلی کے سب ڈویژن ہندوارہ کے دفتر میں پیش کرے، بعد از میعاد کوئی بھی اعتراض قابل قبول نہیں ہوگا۔

جاوید احمد بجارڈ ولد نورالدین بجارڈ ساکنہ ویدی پورہ ناگ ناگ ہندوارہ 004

اطلاع عام

بجلی کنکشن انگیریمنٹ زیر آئی، ڈی نمبر 0207010004083 جو کہ مرحوم گلزار بٹ ولد لعل محمد بٹ کے نام پر درج تھا اب اسکو رشید حسین بٹ ولد گل محمد بٹ کے نام کرانا مطلوب ہے، اس بارے میں اگر کسی کو کوئی اعتراض ہو تو وہ ایک ہفتے کے اندر محکمہ بجلی کے ڈی ڈی ڈویژن کے دفتر میں پیش کرے، بعد میں کوئی بھی اعتراض قابل قبول نہیں ہوگا۔

ارشد حسین بٹ ولد گل محمد بٹ ساکنہ پورہ کاکن پورہ 024

اطلاع عام

بجلی کنکشن انگیریمنٹ زیر آئی، ڈی نمبر 2509 جو کہ مرحوم سوشیار سنگھ ولد دیوان سنگھ کے نام پر درج تھا اب اسکو بہیر سنگھ ولد بوشیار سنگھ کے نام کرانا مطلوب ہے، اس بارے میں اگر کسی کو کوئی اعتراض ہو تو وہ ایک ہفتے کے اندر محکمہ بجلی کے ڈی ڈی ڈویژن کے دفتر میں پیش کرے، بعد میں کوئی بھی اعتراض قابل قبول نہیں ہوگا۔

بلبیر سنگھ ولد سوشیار سنگھ ساکنہ ٹمرہ 024

اطلاع عام

بجلی کنکشن، انگیریمنٹ زیر آئی، ڈی نمبر 0207035320 جو کہ اشتیاق احمد خان ولد لعل محمد خان کے نام پر درج تھا اب اسکو لعل محمد خان ولد انور لعل خان کے نام کرانا مطلوب ہے، اس بارے میں اگر کسی کو کوئی اعتراض ہو تو وہ ایک ہفتے کے اندر محکمہ بجلی کے ڈی ڈی ڈویژن کے دفتر میں پیش کرے، بعد میں کوئی بھی اعتراض قابل قبول نہیں ہوگا۔

گل محمد خان ولد انور لعل خان ساکنہ چک اشرواس 024

ازنیابت یونگو یا اجلاس ایگزیکٹو مجسٹریٹ درجہ اول یونگو

مضمون کا نقذات درخواست اویس احمد آفیسر و مومن احمد آفیسر اداران ہذا میر احمد آفیسر بمراد عطائی اپیل سرٹیفکیٹ

اشتہار بمراد آگاہی ہر خاص وعام

معاملہ مندرجہ عنوان الصدر میں درخواست سائل برائے حصول ادبی زیر بحث پیش کی گئی ہے جسے بغور دیکھا گیا کہ سائل نے دعویٰ میں مسلسل عمل پذیرہ سالوں سے رہائش پذیر ہے اور کاغذات درخواست ہذا میں زیر کارروائی ہیں کنبہ مشتمل پذیرائی رپورٹ ذیل میں ہے

نام والدیت	عمر	رشتہ
نذیر احمد ولد عبدالحمید عزیز آفیسر	50	سربراہ
سماء شیدا زوجہ نذیر احمد	45	زوجہ
اویس احمد آفیسر ولد	23	پسر
مومن احمد آفیسر ولد	20	--
طارق نذیر ولد	18	--
اشتیاق نذیر ولد	16	دختر

کنبہ سائلان کی آمدنی ماہانہ 15000/- روپے بتائی گئی ہے اور ادبی کی سرٹیفکیٹ حاصل کرنے کا خواہاں ہے لہٰذا مطلوبہ اجرا کرنے میں اگر کسی کو کوئی اعتراض وغیرہ ہو تو وہ دفتر ہذا میں اندر سات یوم پیش کریں بعد معیاد کوئی اعتراض وغیرہ قبول نہ ہوگا۔

نائب تحصیلدار 034

اطلاع عام

سائل کو محکمہ آرائیڈ ہی سے D کلاس ٹھیکہ ارضی کا رکارڈ نکالنا مطلوب ہے، اس بارے میں اگر کسی کو کوئی اعتراض ہو تو وہ ایک ہفتے کے اندر سپرنٹنڈنٹ انجمن محکمہ آرائیڈ ہی سرکل یونگام کو لگام کے دفتر میں پیش کرے، بعد میں کوئی بھی اعتراض قابل قبول نہیں ہوگا۔

فردوس احمد شیر گوجری ولد عبدل رحمان شیر گوجری ساکنہ آری کنگوں کو لگام 023

اطلاع عام

بجلی کنکشن انگیریمنٹ زیر آئی، ڈی نمبر 0213010004159، جو کہ مسمی حفظ میر ولد مرحوم عبدالصمد میر ساکنہ آدی پورہ سوپور کے نام پر درج ہے، لیکن اب اسکو مسمی محمد مقبول میر ولد مرحوم حفظ میر کے نام کرانا مطلوب ہے، اس بارے میں اگر کسی کو کوئی اعتراض ہو تو وہ ایک ہفتے کے اندر اندر محکمہ بجلی کے اسسٹنٹ ایگزیکٹو انجینیر سب ڈویژن فسٹ سوپور کے دفتر میں پیش کرے، بعد میں کوئی بھی اعتراض قابل قبول نہیں ہوگا۔

محمد مقبول میر ولد مرحوم حفظ میر ساکنہ آدی پورہ سوپور 004

ریلوے نے اکتوبر میں 145.07 ملین ٹن مال کی ڈھلائی کر کے نیا ریکارڈ قائم کیا

نئی دہلی، 4 نومبر (ک س): ہندوستانی ریلوے نے اکتوبر کے مہینے میں اب تک کی سب سے زیادہ 145.07 ملین ٹن مال کی ڈھلائی درج کی ہے۔ اکتوبر 2025 میں درج 133.93 ملین ٹن کے مقابلے 8.32 فیصد زیادہ ہے۔ ریلوے نے جاری مالی سال 2026-27 کے پہلے سات ماہ (اپریل تا اکتوبر) میں بھی 978.37 ملین ٹن مال کی ڈھلائی کی، جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت میں درج 935.10 ملین ٹن کے مقابلے 4.67 فیصد زیادہ ہے۔ وزارت ریلوے کے مطابق اس سال اکتوبر میں کئی اہم اشیائے مال برداری میں نمایاں اضافہ درج کیا گیا۔ اس دوران غذائی اجناس کی ڈھلائی میں 26.3 فیصد، گھریلو کوئلے میں 16 فیصد، دیگر اشیاء میں 11 فیصد، کلنکر میں 10.4 فیصد، گھریلو کنکشنز میں 6.3 فیصد، ماہ کے عام دھات میں 5 فیصد، معدنی تیل میں 1.9 فیصد اور تیار اسٹیل کی ڈھلائی میں 0.5 فیصد اضافہ ہوا۔ جلی گھروں کی بڑھتی ہوئی مانگ کو پورا کرنے کے لیے ریلوے نے گھریلو کوئلے کی سپلائی میں بھی اضافہ کیا ہے۔ اکتوبر 2026 میں روزانہ اوسطاً 469.8 ریک کوئلے کی سپلائی کی گئی، جبکہ گزشتہ سال اسی مہینے یہ تعداد 393.2 ریک روزانہ تھی۔ اس طرح کوئلے کی سپلائی میں 19.5 فیصد اضافہ درج کیا گیا۔ مال برداری کے ساتھ مسافروں کی نقل و حمل میں بھی نمایاں اضافہ درج کیا گیا۔ اکتوبر میں ریلوے نے 64.72 کروڑ مسافروں کو ان کی منزل تک پہنچایا، جبکہ گزشتہ سال اسی مہینے 63.52 کروڑ مسافروں نے ریل کا سفر کیا تھا۔ جاری مالی سال کے اپریل سے اکتوبر کے دوران ریلوے نے مجموعی طور پر 443.8 کروڑ مسافروں کا سفر کرایا، جبکہ گزشتہ مالی سال کی اسی مدت میں یہ تعداد 431.4 کروڑ تھی۔ اس دوران غیر مضافاتی مسافر ٹرانسپورٹ میں 4.2 فیصد اور مضافاتی مسافر ٹرانسپورٹ میں 1.7 فیصد اضافہ درج کیا گیا۔ وزارت ریلوے کے مطابق مال برداری میں اضافہ ملک کی اقتصادی سرگرمیوں اور رسد کے نظام کو مضبوط بنانے کے لیے ریلوے کی کوششوں کی عکاسی کرتا ہے۔ ریلوے صلاحیت میں توسیع اور آپریشنل کارکردگی میں بہتری کے ذریعے اپنے ٹرانسپورٹ نیٹ ورک کو مسلسل مضبوط بنا رہا ہے۔

بارہمولہ اور اونتی پورہ میں غیر قانونی کان کنی کیخلاف پولیس کا کریک ڈاؤن تیز؛ 06 (گاڑیاں) ضبط

سری نگر، ۴ نومبر: ٹھیر قانونی کان کنی اور معدنی سوداگری غیر مجاز نقل و حمل کے خلاف اپنی جاری مہم کو آگے بڑھاتے ہوئے، بارہمولہ اور اونتی پورہ پولیس نے ضلع کے مختلف مقامات پر پریت اور نالے کی بجری کی غیر قانونی ترسیل میں ملوث 06 (گاڑیاں) ضبط کر لیے ہیں۔ بارہمولہ میں تین ٹپر، جن کے رجسٹریشن نمبر JK04J-0976، JK20-0795 اور JK13A-4574 ہیں، کو اس JK01AB-9303 لیے ضبط کیا گیا کیونکہ وہ بغیر کسی جائز اجازت نامے اور ضروری دستاویزات کے ریت کی غیر قانونی نقل و حمل کر رہے تھے۔ یہ کارروائی ماننگر ایریا مترانز (ڈیولپمنٹ ایریا ریگولیشن) ایکٹ (MMDR Act) کی متعلقہ دفعات کے تحت، محکمہ کان کنی (Mining Department) کے حکام کے ساتھ مل کر عمل میں لائی گئی۔ ایک اور کارروائی کے دوران، تھانہ اونتی پورہ کی ایک پولیس پارٹی نے اقبال کاونی کراسنگ، نزد الصمد ریڈیوٹ' کے مقام پر ایک ٹپر (رجسٹریشن نمبر JK20-0795) کو روکا، جو غیر قانونی طور پر نکالی گئی ناے کی بجری لے جا رہا تھا۔ بعد ازاں، اس گاڑی کو متعلقہ قانونی دفعات کے تحت ضبط کر لیا گیا۔ اونتی پورہ پولیس نے پورے ضلع میں جاری پٹرولنگ اور نفاذ قانون کے اقدامات کو مزید سخت کر دیا ہے۔ اس مہم کے دوران، غیر قانونی کان کنی میں ملوث ہونے کی پاداش میں چرسو (Chersoo) کے علاقے سے 2 ٹریکٹر ضبط کیے گئے۔ اس سلسلے میں، تھانہ اونتی پورہ میں قانون کی متعلقہ دفعات کے تحت مقدمہ (ایف آئی آر نمبر 262/2026) درج کر لیا گیا ہے اور مزید تفتیش شروع کر دی گئی ہے۔ پولیس نے غیر قانونی کان کنی کو روکنے اور قدرتی وسائل کے غیر مجاز استحصال کو روکنے کے اپنے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ کان کنی کے ضوابط کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی جاری رہے گی، اور قانون کی مکمل پاسداری کو یقینی بنانے کے لیے ایسی نگرانی مہمات (enforcement drives) کو مزید تیز کیا جائے گا۔

□□□□□

PUBLIC NOTICE

It is information for general public that the name of my adhar recoard bearing Adhar NO.4369 8368 3842 my name recorded as URMELLA JAN.Instead of FATIMA JAN it needs correction if any body have any objection in this regard she/he may contact the adhar authority within seven days from the date of publication of this notice after that no objection shall be entertained.

FATIMA JAN D/O:MOHD MAQBOOL BHAT
R/O:LAISOO KULGAM 023

PUBLIC NOTICE

It is information for general public that the name of my wards in his adhar recoard bearing Adhar NO.7600 1588 5383 my name recorded as GENOFER JAVid Instead of GENOFAR JAVAID it needs correction if any body have any objection in this regard she/he may contact the adhar authority within seven days from the date of publication of this notice after that no objection shall be entertained

JAVAID HUSSAIN DAR F/O.GENOFAR JAVAID
R/O.TAMILOO KULGA 023

ازنیابت اگی پچہ

عنوان: درخواست بابت نگلو دزیر ولد جنگ بہادر نگلو وزیر ساکنہ مانو جی تا پایت اجرائی ST-II سرٹیفکیٹ تحت SRO 294

اشتہار بمراد آگاہی ہر خاص وعام

معاملہ مندرجہ عنوان الصدر میں سائل نے ایک درخواست بغرض ST-II سرٹیفکیٹ دفتر ہذا میں دائر کی ہے جو کہ اس وقت زیر کارروائی ہے سائل کا کنبہ پذیل افراد پر مشتمل ہے

نام والدیت	عمر	رشتہ
سرجیت نگلو وزیر ولد جنگ بہادر نگلو وزیر	53	شوہر
کمرن جیت نگلو وزیر ولد سرجیت نگلو وزیر	16	زیر تعلیم
پرگھیت نگلو وزیر ولد سرجیت نگلو وزیر	48	ملازم

اگلے ماہ اور کوئی فرد نہیں ہے لہذا سرٹیفکیٹ اجرا کرنے میں اگر کسی کو کوئی اعتراض ہو تو ایک ہفتے کے اندر متعلقہ دفتر میں دفتری اوقات کے دوران پیش کریں۔ معیاد گزرنے کے بعد کوئی بھی اعتراض قابل قبول نہ ہوگا۔

نائب تحصیلدار 010

از دفتر نائب تحصیلدار مرہامہ

مضمون کا نقذات درخواست ادیتہ مبارک وختر مبارک احمد راتھر ساکنہ گوپال پورہ بمراد عطائی آر ٹی اے سرٹیفکیٹ

اشتہار بمراد آگاہی ہر خاص وعام

معاملہ مندرجہ عنوان الصدر میں درخواست سائل دختر ھذا میں زیر کارروائی ہے اس سلسلے میں پٹواری حلقہ سے رپورٹ بتھمول پرگنہ ہانڈ کیا طلب کیا گیا ہے جس سے میاں نے کہ سائل دعویٰ میں رہائش پذیر ہے کنبہ مثل افراد پر مشتمل ہے۔

نام والدیت	پیشہ	عمر	ماہوار آمدنی
مبارک احمد راتھر	ڈیہاڑی	45	8000
نیلوفر بانو زوجہ مبارک احمد	گھریلو کام	43	
اویتہ مبارک وختر مبارک احمد	زیر تعلیم	19	
ایزان مبارک ولد مبارک احمد	--	14	

اس کے علاوہ کوئی افراد کنبہ نہیں ہے اور سرٹیفکیٹ زیر بحث اجرا کرنے میں اگر کسی شخص کو کوئی اعتراض وغیرہ ہو تو وہ دفتر ھذا میں اندر سات یوم پیش کریں بعد میعاد گذرنے کوئی اعتراض وغیرہ قبول نہ ہوگا۔

نائب تحصیلدار 023

ازنیابت آر وئی اجلاس نائب تحصیلدار ایگزیکٹو مجسٹریٹ درجہ اول

مضمون کا نقذات درخواست محمد رمضان بٹ ولد محمد اسماعیل ساکنہ سانگہ حسن پورہ طویلہ بمراد عطائی آر ٹی اے سرٹیفکیٹ

اشتہار بمراد آگاہی ہر خاص وعام

معاملہ مندرجہ عنوان الصدر دفتر ہذا میں درخواست سائل نے ایک درخواست بغرض حصول ایک واڑ اربیہ سرٹیفکیٹ پیش کی ہے جو کہ رقبہ 4 کنال زیر کارروائی ہے اس بارے میں اول پٹواری حلقہ سے رپورٹ بابت نقل خسرہ طلب کیا گیا ہے جس سے میاں نے کہ پیش رسائل حلقہ پندرہ سالوں سے حسن پورہ وطویلہ میں رہائش کر کے پیشے میں ساکنان کے کنبہ کی تکمیل حسب ذیل ہے

نام والدیت	پیشہ	رشتہ	آمدنی ماہوار
محمد رمضان بٹ ولد عبدل ستار بٹ	مزدوری	والد	7000
جیتہ بانو	گھریلو کام	والدہ	
مبشر جان	گھریلو کام	بہن	
خوشبو جان	طالب علم	ساکنان خورد	
بیرت جان	ساکنان خورد		

اس کے علاوہ کوئی افراد کنبہ نہیں ہے۔ اور سائل کے پاس 7 کنال زمین بھی ہے جسکے سالانہ آمدنی 30000 روپے تک بنتی ہے اور سائل کے تمام ذرائع سے سالانہ آمدنی 114000 روپے تک بنتی ہے اور سرٹیفکیٹ زیر بحث اجرا کرنے میں اگر کسی شخص کو کوئی اعتراض وغیرہ ہو تو وہ دفتر ھذا میں اندر سات یوم پیش کریں بعد معیاد گذرنے کوئی اعتراض وغیرہ قبول نہ ہوگا۔

نائب تحصیلدار 057

ازنیابت زینہ پورہ

عنوان: درخواست عبدل عزیز کتانی ولد غلام قادر کتانی ساکنہ زن گنڈ بہرام بمراد عطائی آر ٹی اے سرٹیفکیٹ

اشتہار بمراد آگاہی ہر خاص وعام

معاملہ مندرجہ عنوان الصدر میں ہر خاص وعام کو بذریعہ اشتہار ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ سائل کا درخواست دفتر ہذا میں زیر کارروائی ہے پرے کے رپورٹ پٹواری حلقہ سائل کا کنبہ ۵ نفوس پر مشتمل ہے اور کنبہ کے پاس رقبہ اراضی ۔۔۔ کنال موجود ہے کنبہ مثل افراد پر مشتمل ہے

نام والدیت	پیشہ	عمر	آمدنی
غلام حسن ریشی ولد علی محمد ریشی	ڈیہاڑی	63	سربراہ
حفیظہ بانو زوجہ غلام حسن ریشی	گھریلو کام	62	بیوی
ایجاز احمد ریشی ولد غلام حسن ریشی	ڈرائیور	33	بیٹا
مسباہ جہاں وختر غلام حسن ریشی	زیر تعلیم	25	بیٹی
شاہد حسن ریشی ولد غلام حسن ریشی	--	19	بیٹا

اگلے علاوہ اور کوئی کنبہ افراد نہیں ہے سائل کے کنبے کی سالانہ آمدنی تقریباً 350000 روپے تک بنے لہذا اس بارے میں اگر کسی کو کوئی اعتراض ہو تو ایک ہفتے کے اندر اندر دفتر ھذا میں پیش کریں۔ معیاد گزرنے کے بعد کوئی بھی اعتراض قابل قبول نہ ہوگا۔ تحریر الصدر

نائب تحصیلدار 057

از نیابت زینہ پورہ

عنوان: درخواست غلام حسن ریشی ولد علی محمد ریشی ساکنہ ریشی پورہ بمراد عطائی آر ٹی اے سرٹیفکیٹ

اشتہار بمراد آگاہی ہر خاص وعام

معاملہ مندرجہ عنوان الصدر میں ہر خاص وعام کو بذریعہ اشتہار ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ سائل کا درخواست دفتر ہذا میں زیر کارروائی ہے پرے کے رپورٹ پٹواری حلقہ سائل کا کنبہ ۵ نفوس پر مشتمل ہے اور کنبہ کے پاس رقبہ اراضی ۔۔۔ کنال موجود ہے کنبہ مثل افراد پر مشتمل ہے

نام والدیت	پیشہ	عمر	آمدنی
غلام حسن ریشی ولد علی محمد ریشی	ڈیہاڑی	63	سربراہ
حفیظہ بانو زوجہ غلام حسن ریشی	گھریلو کام	62	بیوی
ایجاز احمد ریشی ولد غلام حسن ریشی	ڈرائیور	33	بیٹا
مسباہ جہاں وختر غلام حسن ریشی	زیر تعلیم	25	بیٹی
شاہد حسن ریشی ولد غلام حسن ریشی	--	19	بیٹا

اگلے علاوہ اور کوئی کنبہ افراد نہیں ہے سائل کے کنبے کی سالانہ آمدنی تقریباً 350000 روپے تک بنے لہذا اس بارے میں اگر کسی کو کوئی اعتراض ہو تو ایک ہفتے کے اندر اندر دفتر ھذا میں پیش کریں۔ معیاد گزرنے کے بعد کوئی بھی اعتراض قابل قبول نہ ہوگا۔ تحریر الصدر

نائب تحصیلدار 057

PUBLIC NOTICE

It is information for general public that the name of my adhar recoard bearing Adhar NO.6694 6139 2527 my name recorded as SANA ULLAHBGANIE.S/O.GHULAM AHMAD GANIE .Instead of SONULLA GANI.S/O.GH AHMAD GANIE it needs correction if any body have any objection in this regard she/he may contact the adhar authority within seven days from the date of publication of this notice after that no objection shall be entertained

SONULLA GANI S/O:GH AHMAD GANIE
R/O:BANGHALL DEVSAR KULGAM 023

PUBLIC NOTICE

It is hereby informed to the general public that my daughter's name in her Aadhaar Card bearing No. 791021506965 has been wrongly mentioned as Ayeshah Bilal instead of her correct name Anshiya Anam.Now, I intend to correct the same in her Aadhaar records. In this regard, anyone having any objection may file the same before the concerned authority within seven (07) days from the date of publication of this notice. After the expiry of the stipulated period, no objection shall be entertained.

Bilal Ahmad Shah F/o Anshiya Anam
R/o Monghama, Tehsil Pulwama,
District Pulwama. 057

PUBLIC NOTICE

It is hereby informed to the general public that my son's name in his Aadhaar Card bearing No. 965254384447 has been wrongly mentioned as Mohd Asim Bajad instead of his correct name Mohd Asim Chowhan.Now, I intend to correct the same in his Aadhaar records. In this regard, anyone having any objection may file the same before the concerned authority within seven (07) days from the date of publication of this notice. After the expiry of the stipulated period, no objection shall be entertained.

Mohd Zubair Chowhan F/o Mohd Asim Chowhan R/o Udipora Shahoora, Tehsil Shahoora Liter, District Pulwama. 057

IN THE COURT OF JUDICIAL MAGISTRATE 1ST CLASS KULGAM

Present :Mr.AKASHD D.SINGH U.I.D NO.JK00315
In the Case Of: Wasim Raja S/o Ab Rashid Wani R/o Cheeki Hajan Tehsil Yaripora Distt. Kulgam (Applicant)
C.E.O.M/C Kulgam (Non-Applicant)
Public Notice

Whereas, the applicant namely Wasim Raja has sought a direction against the non-applicant, for registration of the birth particulars of his /her /self/daughter namely Ayeza Wasim who was born on 24/05/2021 Through The medium of this Notice, the public at large is informed that if any person has any objection, regarding the registration of the birth particulars of applicant Wasim Raja as mentioned above, he/she/they shall do so, by or before 02/11/26 when this matter is listed for further proceedings. Given under my hand and seal of this court today on 22/10/26.

Judical MAGISTRATE 1st Class Kulgam 023

ازنیابت یونگو یا اجلاس ایگزیکٹو مجسٹریٹ درجہ اول یونگو

مضمون کا نقذات درخواست اویس احمد آفیسر و مومن احمد آفیسر اداران ہذا میر احمد آفیسر بمراد عطائی اپیل سرٹیفکیٹ

اشتہار بمراد آگاہی ہر خاص وعام

معاملہ مندرجہ عنوان الصدر میں درخواست سائل برائے حصول ادبی زیر بحث پیش کی گئی ہے جسے بغور دیکھا گیا کہ سائل نے دعویٰ میں مسلسل عمل پذیرہ سالوں سے رہائش پذیر ہے اور کاغذات درخواست ہذا میں زیر کارروائی ہیں کنبہ مشتمل پذیرائی رپورٹ ذیل میں ہے

نام والدیت	عمر	رشتہ
نذیر احمد ولد عبدالحمید عزیز آفیسر	50	سربراہ
سماء شیدا زوجہ نذیر احمد	45	زوجہ
اویس احمد آفیسر ولد	23	پسر
مومن احمد آفیسر ولد	20	--
طارق نذیر ولد	18	--
اشتیاق نذیر ولد	16	دختر

کنبہ سائلان کی آمدنی ماہانہ 15000/- روپے بتائی گئی ہے اور ادبی کی سرٹیفکیٹ حاصل کرنے کا خواہاں ہے لہٰذا مطلوبہ اجرا کرنے میں اگر کسی کو کوئی اعتراض وغیرہ ہو تو وہ دفتر ھذا میں اندر سات یوم پیش کریں بعد معیاد کوئی اعتراض وغیرہ قبول نہ ہوگا۔

نائب تحصیلدار 034

PUBLIC NOTICE

I have changed my wards name from (old name) Aamirah Abid Ranraz to (New name) Aamirah Abid in future he /she will be know as (new name) Aamirah Abid if any body is having any objection he /she may contact passport Offiee Srinagar within 7 days no objection will be accepted. 024

PUBLIC NOTICE

In my driving licence bearing DL no. JK-1820200000396 ,My Name recorded as Ishfaq Ah Mantoo S/o Ab Rasheed Mantoo instead of Ishfaq Rashid S/o Abdul Rashid Mantoo Now i want to correction of the same mentioned above in this regard if anybody having any objection He/She can file the same at ARTO Office Kulgam within 7days after that no objection shall be entertained.

Ishfaq Rashid S/o Abdul Rashid Mantoo
R/o Feripora Shopian 023

PUBLIC NOTICE

In adhar recoard bearing Adhar No 5439 7185 4371 my name recorded as ARBEENA JAN instead of ARBEENA MANZOOR it needs correction if any body have any objection in this regard he/she may contact the Adhar Authority within seven days from the date of Publication of this notice after that no objection shall be entertained.

Arbeena Manzoor D/o Manzoor Ahmad Lone
R/o Shurat Kulgam 023

PUBLIC NOTICE

I am applying for Seed licence under name and style "The Pombay Farmer Producer Organzation FPO Cooperation Ltd Pombay Kulgam in this regard if any body is having any objection may file the same to Chief Agriculture officer Kulgam within the period of Seven days from the date of publication of this notice. After that no objection shall be entertained.

Ajaz Ahmad Padder S/o Ghulam Hassan Padder R/o Mirhama Kulgam 023

PUBLIC NOTICE

This is to inform the general public that my name was recorded as "Ulfat Rehman" in my Saving Bank Account No. 0118040100008281 before my marriage. However, after my marriage, I changed my name to "Ulfat Bano", which is also my present name as per my Aadhaar Card. Now, I am applying for the correction of my name in the said bank account from "Ulfat Rehman" to "Ulfat Bano".In this regard, if anybody has any objection, they may file the same before the Manager, J&K Bank, N.C. Sopore Branch, within a period of seven days from the date of publication of this notice. After the expiry of the stipulated period, no objection shall be entertained.

Ulfat Bano D/o: Abdul Rehman Sofi
R/o: Sempora, Sopore, District Baramulla, 004

PUBLIC NOTICE

I am applying for Pesticides License under name and style "PEER PASTICIDES AND FERTILIZERS and Fertilizers" if any body is having any kind of objection may file the same to plant protection officer lal mandi Srinagar within the period of Seven Days from the date of Publication of this notice. After that no any objection shall ne entertained.

SHOWKAT HUSSAIN NAQISHBANDI
S/O.PEER SALAM UD DIN
R/O.KACHOWHALLAN KULGAM 023

PUBLIC NOTICE

It is information for general public that the name of my adhar recoard bearing Adhar NO.7600 1588 5383 my name recorded as GENOFER JAVid Instead of GENOFAR JAVAID it needs correction if any body have any objection in this regard she/he may contact the adhar authority within seven days from the date of publication of this notice after that no objection shall be entertained

JAVAID HUSSAIN DAR F/O.GENOFAR JAVAID
R/O.TAMILOO KULGA 023

از زیابیہ

ای۔ٹینڈر نوٹس

ڈیپٹی چیف ایگزیکٹو انجینئر/ٹریک، جالندھر چھاؤنی کے ذریعہ بھارت کے راشٹرپتی کی جانب سے او پن ای۔ٹینڈر کی سنگل پیکٹ سسٹم کے تحت طلب کیا گیا ہے۔

نمبر شمار	ٹینڈر نمبر	کام کی تفصیلات	تخمینہ لاگت (روپے)	زر بیعانہ کی رقم (روپے)	کھلنے کی تاریخ	IREPS پر اپلوڈ کی تاریخ	ٹینڈر فارم کی لاگت (روپے)	مدت تکمیل کام
1.	OT-23-JRC-2026	SSE:BRM:JHL-HSR کی تحت MRND-DULPR_3(12x12.2M) سیکشن پر پل نمبر RPJ-DUI اور 238(1x24.4m+1x 18.3M) سیکشن پر پل نمبر 129 UP(14x12.2M) کے اوپر سائڈ پاتھ وے کا تعمیر کرنا	1,52,03,828.02/-	3,04,100.00	19-11-2026	05-11-2026 سے 19-11-2026	0	10 ماہ

ٹینڈر پیش کرنے اور ٹینڈر کھولنے کی تاریخ اور وقت: مزید تفصیلات دیکھی جاسکتی ہے اور ٹائن لوڈ کیا جاسکتا ہے۔ ٹینڈر کی خلاف ورزی کی صورت میں بیعانہ رقم ضبط کر لی جائے گی۔ ٹینڈر کی شرائط و ضوابط کی مکمل تفصیلات ویب سائٹ www.nr.indianrailways.gov.in پر دستیاب ہے۔ ٹینڈر دستاویز www.ireps.gov.in پر دستیاب ہے۔

3861/26 No. 80-W/30/Bridges/ Invitation Dated: 27.10.26

گرام اکائی کی خدمت میں ممکن کے ساتھ

روزنامہ سٹی ایکسپرس میں اشتہارات کے لئے

سوپور میں جی ایم نیوز ایجنسی سے رابطہ کریں

The Daily Srinagar Kashmir
THURSDAY 05/11/2026
CITY EXPRESS
7
روزنامہ سٹی ایکسپریس سرینگر
19th year of publication

’200 یونٹ مفت‘ کا وعدہ، ہزاروں روپے کا بل،

بجلی کے بھاری بلوں سے کشمیر کے لوگ پریشان

سری نگر، 4 نومبر (وس)۔ وادیٔ کشمیر میں مہینگائی کے چکی میں پھر ہر آنے والے بجلی کے بھاری بلوں نے عام لوگوں کی مشکلات میں اضافہ کر دیا ہے۔ متعدد شہری ساماجات سے بات کرتے ہوئے کہا کہ صارفین نے مفت بجلی کے حکومت کے انتخابی منشور کے دوران سستی بجلی اور 200 یونٹ مفت بجلی فراہم کرنے کا وعدہ کیا تھا لیکن نہ یہ وعدہ پورا ہوا اور نہ ہی بلوں میں کوئی راحت ملی۔ لوگوں کا کہنا ہے کہ ایک طرف بجلی کٹوتی کا شیڈول جاری ہے، دوسری طرف الیکٹرانک آلات کے استعمال کے بغیر بھی اتنے بھاری بل آرہے ہیں کہ انہیں ادا کرنا عام صارف کے بس سے باہر ہے۔ وہ بھاری بل حکومت کی قیادت والی حکومت سے نالاں ہیں۔ وہ بل کے سٹیٹس منتقل ہونے والے ایک خاندان نے کہا: ”جب سموں میں تھے تو موسم سرما میں ہمارا بجلی کا بل صفر آتا تھا، کیونکہ وہاں 200 یونٹ مفت ہیں اور ہم اتنا بھی استعمال کرتے تھے۔ باقی موسموں میں اسی جیسے آلات کے استعمال کے باوجود بل کہیں آتا تھا۔ اس کے برعکس یہاں بجلی کاٹی جاتی ہے، آلات استعمال کیے بغیر بھی ہوشربا بل آرہے ہیں۔“ ان کا کہنا تھا کہ ”یہاں یہ بھی معلوم نہیں ہوتا کہ ایک یونٹ کا ریٹ کیا ہے اور مہینے میں کتنے یونٹ استعمال ہوئے، بس بھاری بل تھما دیا جاتا ہے۔ ہم نے دیکھا کہ یہاں ہر صاف نے کوئی ایپ لاؤنچ لوڈ کر رکھی ہے جس سے روزانہ کے عمل کا پتہ چلتا ہے۔ بل اتنا زیادہ آرہا ہے کہ یہاں کے لاگ ذہنی مرض میں مبتلا ہو سکتے ہیں۔“ نریندر پردیش کے تعلق رکھنے والے اور سری نگر میں ٹیکسی یونین مزدور نے کہا: ”یہاں ہمیں بھاری بل آتا ہے لیکن امرتسر پردیش میں اس کے 25 فیصد سے بھی کم آتا تھا۔ ہم کچھ سمجھتے ہیں سے ہیں، ہمارا بھاری بوجھ جیسے اٹھاتے ہیں۔“ لوگوں کے ایک گروپ نے کہا: ”ہمیں 200 یونٹ مفت بجلی تو نہیں دی گئی، الٹا بجلی کو اس قدر مہنگا کر دیا گیا کہ اس کا استعمال عام لوگوں کے بس کی بات نہیں رہی۔ وادیٔ کشمیر کے شہری سردی سے بچنے کے لیے تندرے زیادہ بجلی استعمال کرتے ہیں، پانی بھی گرم ہونا چاہیے اور گرمی کے لیے آلات بھی چلانے پڑتے ہیں۔ ان حالات میں حکومت کو بجلی سستی کرنی چاہیے تھی، جبکہ اسے کہ باقی ریاستوں میں ہوتا ہے۔“ انہوں نے کہا: ”لوگ حکومت اس لیے بناتے ہیں کہ ضروری چیزیں مناسب داموں پر دستیاب رہیں اور سماج کا ہر طبقہ ان سے مستفید ہو سکے، لیکن یہاں ایسا نہیں ہو رہا۔“ انہوں نے حکومت سے بجلی سے متعلق اپنا وعدہ پورا کرنے کی اپیل کی ہے تاکہ عام لوگوں کو بوجھ تنے نہ دیں۔

جموں و کشمیر ایمپلائز فیڈریشن کا ڈوڈہ میں اہم اجلاس

جموں 4 نومبر (وس): آل جموں و کشمیر کوپریٹو ایمپلائز فیڈریشن ڈوڈہ کا ایک اہم اجلاس ضلع صدر نیاز احمد ساتی کی قیادت میں منعقد ہوا، جس میں ملازمین کو درپیش مسائل، عارضی ملازمین کی مستقلی اور این ایچ ایم ملازمین کے یہ دیرینہ مطالبات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس میں سینئر کوپریٹو رہنما غلام حسن پامپوری، شکیل احمد ریو، نظام الدین بٹ، این ایچ ایم ملازمین کے رہنما ڈاکٹر ناصر مسعود اندرابی، محمد یٰسین، پی ڈبلیو ڈی کے عہدیدار اللہ شان، بھدرواہ سے سریش کمار، ظاہری سے حاجی منظور، عثمانی کوپریٹو محمد رفیق اور گنگنی پی ایچ ای سے محمد سلیم وانی سمیت دیگر ملازمین نے شرکت کی۔ اس موقع پر مقررین نے حکومت کی جانب سے ملازمین کے دیرینہ مطالبات حل نہ کیے جانے پر سخت ناراضگی کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ پی ایچ ای، پی ڈبلیو ڈی اور عثمانی کوپریٹو سمیت مختلف محکموں میں کام کرنے والے عارضی ملازمین کو گزشتہ دو دہائیوں سے کئی ملازمین 9 ہزار روپے ماہانہ اجرت پر اپنی خدمات انجام دے رہے ہیں، جبکہ ان میں سے کئی ملازمین طویل عرصے تک خدمات انجام دینے کے باوجود ریگولرائزیشن کے فوائد سے محروم ہیں۔ مقررین نے کہا کہ ان ملازمین کی خدمات کو نظر انداز کرنا ناانصافی ہے اور حکومت کو فوری طور پر ان کے مسائل حل کرنے چاہئیں۔ اجلاس کے دوران فیڈریشن رہنماؤں نے اولڈ پنشن اسکیم بحال کرنے، ریگولرائزیشن پالیسی کے اجراء اور ملازمین کے مسائل حل کیے جانے تک احتجاجی پروگرام جاری رکھنے کا اعلان کیا۔ انہوں نے کہا کہ اگر مطالبات پر جلد توجہ نہ دی گئی تو فیڈریشن مجبوراً سڑکوں پر آنے پر مجبور ہوگی۔ اجلاس میں یہ فیصلہ بھی کیا گیا کہ فیڈریشن کے وفد کی جلد ہی ضلع ترقیاتی کمشنر ڈوڈہ سے ملاقات کی جائے گی تاکہ ملازمین کے مسائل ان کے سامنے رکھے جا سکیں۔ اجلاس کے اختتام پر ملازمین نے اتحاد اور یکجہتی کا مظاہرہ کرتے ہوئے کہا کہ اپنے حقوق کے حصول کے لیے وہ ہر قربانی دینے کے لیے تیار ہیں۔

جموں و کشمیر کے سرکاری ڈگری کالجوں میں حاضری اور بائیومیٹرک مانیٹرنگ کی ہدایت

سری نگر، 4 نومبر (وس): جموں و کشمیر کے اعلیٰ تعلیم کے محکمہ نے تمام سرکاری ڈگری کالجوں کو ہدایت کی ہے کہ وہ حاضری کے اصولوں اور مقررہ اوقات کار کی سختی سے تعمیل کریں، اور ہدایت کی خلاف ورزی کرنے والے ملازمین کے خلاف تادیبی کارروائی کا انتباہ دیا ہے۔ ایک سرکاری حکم نامے میں محکمہ کی کالجوں کے ڈائریکٹر پروفیسر نوتن کمل سوری نے کہا کہ مقررہ اوقات کار کی پابندی یقینی بنانے کے لیے بائیومیٹرک حاضری کے واقعات تاخیر سے آنے یا جلد جانے کے تمام واقعات کو رسمی طور پر ریکارڈ کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ”وہ ملازمین جو غیر مجاز غیر حاضری کے تمام رسمی طاحیات کی وضاحت نہیں کر پائیں گے، ان کے خلاف قواعد کے مطابق کارروائی کی جائے گی۔“ حکم نامے میں خاص طور پر بائیومیٹرک حاضری، وقت کی پابندی اور کلاسوں کے بلا تعطل انعقاد کو یقینی بنانے پر زور دیا گیا ہے۔ یہ حکم ایسے وقت جاری کیا گیا ہے جب کئی ملازمین تعطیل کی منظور شدہ اجازت کے بغیر کام کے اوقات میں کالج کے احاطے سے باہر پائے گئے۔ محکمہ کے مطابق، ایسی غیر مجاز غیر حاضری کو ”سنگین بدانتظامی“ تصور کیا جائے گا اور اس کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔ حکم نامے میں کہا گیا ہے کہ ”کوئی بھی ملازم اپنی ذمہ داری سے غیر حاضر نہیں رہے گا، اور اگر ایسا ہوا تو اس کے خلاف فوری کارروائی کی جائے گی۔“ محکمہ نے تمام کالج پرنسپلوں کو ہدایت کی ہے کہ وہ ان احکامات کی سختی سے تعمیل کریں اور ہر ماہ کی حاضری کی رپورٹ محکمہ کے ہیڈ کوارٹر کو پیش کریں۔ محکمہ نے کہا کہ ”کسی بھی قسم کی غفلت یا نرمی کو برداشت نہیں کیا جائے گا، اور ہر ملازم کو اپنی ذمہ داریوں کو پوری ایمانداری سے نبھانا ہوگا۔“

رشتہ ختم ہونے یا شادی سے انکار کرنے کو دھوکہ دہی قرار نہیں دیا جا سکتا: عدالت

جموں، 04 نومبر (وس): جموں کی فاسٹ ٹریک عدالت نے ایک اہم مقدمے میں فیصلہ دیتے ہوئے کہا کہ محض منگنی کا رشتہ ختم ہونے یا شادی سے انکار کرنے کو دھوکہ دہی قرار نہیں دیا جا سکتا۔ عدالت نے شادی کا وعدہ کر کے جسمانی تعلقات قائم کرنے اور 12 لاکھ روپے لینے کے الزامات کا سامنا کرنے والے 25 سالہ سلیم خان کی ضمانت منظور کر لی۔ ملزم کا تعلق مغل روڈ راجوری کے تھانہ منڈی علاقے کے مٹیال گاؤں سے ہے اور اس کے خلاف پولیس تھانہ پیر مٹھا میں مقدمہ درج ہے۔ شکایت کنندہ خاتون محمد سال میں پناری کے عہدے پر تعینات ہے۔ خاتون نے الزام لگایا تھا کہ سلیم خان نے شادی کا وعدہ کر کے اس کے ساتھ جسمانی تعلقات قائم کیے اور کاروبار شروع کرنے کے نام پر 12 لاکھ روپے حاصل کیے، تاہم بعد میں شادی سے انکار کرنے کے ساتھ رقم واپس کرنے سے بھی مبینہ طور پر انکار کر دیا۔ خاتون نے ملزم پر بدنام کرنے کی دھمکیاں دینے کا الزام بھی عائد کیا تھا۔ دوسری جانب ملزم نے ان الزامات کو مسترد کرتے ہوئے مؤقف اختیار کیا کہ دونوں کے درمیان کاروباری شراکت داری سے متعلق رقم کا تنازعہ ہے اور ان کے تعلقات باہمی رضامندی سے قائم ہوئے تھے۔ مقدمے کی سماعت کے دوران پراسیکیوٹنگ افسر ہرجیت سنگھ لکھن پال نے کہا کہ دونوں کے درمیان 2023 سے تعلقات تھے اور صرف رشتہ ختم ہو جانے سے جھوٹا کیس ثابت نہیں ہوتا۔ عدالت نے واضح کیا کہ مالی لین دین میں دھوکہ دہی کا ارتکاب ثابت کرنے کے لیے یہ ثابت کرنا ضروری ہے کہ رقم حاصل کرتے وقت ہی ملزم کی نیت دھوکہ دینے کی تھی۔ عدالت نے 30 ہزار روپے کے ضمانتی مچلکے پر ملزم کی ضمانت منظور کرتے ہوئے اسے تحقیقات میں تعاون کرنے اور گواہوں کو متاثر نہ کرنے کی ہدایت دی۔

شمالی ریلوے نے کیا جموں توی سے چلنے والی 4 ٹرینوں کے نمبروں میں تبدیلی کا اعلان

جموں، 04 نومبر (وس): شمالی ریلوے نے جموں توی سے چلنے والی چار ٹرینوں کے نمبروں میں تبدیلی کا فیصلہ کیا ہے۔ اس سلسلے میں جموں توی کے سینئر ڈویژنل ایکسیس کوپریٹو فائنانس منیجر پرویز مہتر حاضری، وقت کی پابندی اور کلاسوں کے بلا تعطل انعقاد کو یقینی بنانے پر زور دیا ہے کہ کوئی بھی ملازم تعطیل کی منظور شدہ اجازت کے بغیر کام کے اوقات میں کالج کے احاطے سے باہر نہیں جائے گا۔

سی بی آئی نے کانکنی میں مبینہ بے ضابطگیوں کیخلاف جموں اور راجوری میں چھاپے مارے

جموں، 04 نومبر (وس)۔ مرکزی تحقیقاتی بیورو (سی بی آئی) نے کان کنی کے ضوابط کی مبینہ خلاف ورزیوں اور سرکاری فیکٹیوں کی الاٹمنٹ میں بے ضابطگیوں کی الزامات کے تحت منگل کے روز جموں اور راجوری اضلاع میں چار مقامات پر چھاپے مارے اور اہم دستاویزات ضبط کر لیں۔ ذرائع کے مطابق، سی بی آئی ٹیموں نے جموں میں ڈسٹرکٹ منرل آفیسر (ڈی ایم او) کے دفتر، مدیرا نے توی کے کنارے واقع ایک اسٹون کرشر یونٹ اور مائننگ بلاک جبکہ راجوری ضلع کے ڈوشہرہ علاقے میں محکمہ تعمیرات عامہ (پی ڈبلیو ڈی) کے دفتر کی تلاشی لی۔ بتایا جاتا ہے کہ جموں میں کارروائی بعض اسٹون کرشر یونٹس اور مائننگ بلاک کے بلخیر ضروری اجازت ناموں کے کام کرنے سے متعلق شکایات پر کی گئی۔ ان یونٹس پر ماحولیاتی منظوری معتبر ہونے کے باوجود سرکاریں جاری رکھنے کا بھی الزام ہے۔ ادھر، نوشہرہ میں پی ڈبلیو ڈی دفتر کی تلاشی سرکاری فیکٹیوں کی الاٹمنٹ میں مبینہ بے ضابطگیوں کے سلسلے میں لی گئی۔ الزام ہے کہ مقررہ ٹینڈر طریقہ کار اور قواعد کو نظر انداز کرتے ہوئے مخصوص فرموں کو ٹھیکے الاٹ کیے گئے۔ کارروائی کے دوران سی بی آئی ٹیموں نے متعلقہ دفتری ریکارڈ، فائلوں اور دیگر ضروری نوعیت کی جانچ پڑتال کی اور اہم ریکارڈ ضبط کر لیا۔ جس کا باریک بینی سے جائزہ لیا جائے گا تاکہ یہ معلوم ہو سکے کہ بے ضابطگیوں کے پیچھے کون سے افسران اور دیگر عناصر ملوث ہیں۔ ایک سینئر افسر نے کہا کہ ”یہ تلاشی کی کارروائی ہے، گرفتاری نہیں کی گئی۔“ تاہم، چھاپوں کے حوالے سے سی بی آئی کی جانب سے تاحال کوئی تفصیلی سرکاری بیان جاری نہیں کیا گیا ہے۔

IUST اونتی پورہ میں نشہ مکت بھارت ابھیان کے موضوع پر مباحثے کے مقابلے کا انعقاد: پولیس

سری نگر، 4 نومبر: منشیات کی لعنت سے نمٹنے اور منشیات سے پاک معاشرے کے فروغ کے لیے اپنی جاری کوششوں کے ایک حصے کے طور پر، اونتی پورہ پولیس نے اسلامک یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی (IUST) اونتی پورہ میں نشہ مکت بھارت ابھیان کے موضوع پر ایک مباحثے کے مقابلے کا اہتمام کیا۔ اس تقریب میں پولیس ڈسٹرکٹ اونتی پورہ کے اعلیٰ افسران، ڈی پولیس لائن اونتی پورہ میں سینئر فارنگ گورنمنٹ ڈگری کالج ایچ ایس ایجوکیشن کے ڈائریکٹر، یونیورسٹی کے فیکلٹی ممبران اور دیگر معززین نے شرکت کی۔ اس تقریب میں طلباء نے بھرپور جوش و خروش کے ساتھ حصہ لیا۔ انہوں نے منشیات کے استعمال کے تباہ کن نتائج، افراد، خاندانوں اور معاشرے پر اس کے مضر اثرات، اور منشیات کی لعنت کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنے کے لیے اجتماعی کوششوں کی اہمیت پر اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ اس پروگرام کا مقصد نوجوانوں کو منشیات کے استعمال کے خطرات سے آگاہ کرنا اور ان میں تخلیقی سوچ کو فروغ دینا اور انہیں "نشہ مکت بھارت ابھیان" کے فعال حصہ بننے کی ترغیب دینا تھا۔ اس موقع پر، پہلی تین پوزیشنیں حاصل کرنے والے طلباء کو ان کی کارکردگی کے اعتراف میں نقد انعامات اور اسناد سے نوازا گیا۔ تمام شریک طلباء کے لیے ریفریشمنٹ (کھانے پینے کا انتظام) بھی پیش کی گئی۔ پولیس نے تعلیمی اداروں میں اس طرح کے آگاہی پروگرام منعقد کرنے اور منشیات کے خلاف اجتماعی جدوجہد میں نوجوانوں، تعلیمی اداروں اور عام عوام کو اہم شراکت داروں کے طور پر شامل کرنے کے اپنے عزم کا اعادہ کیا۔

بانڈی پورہ کے انڈور اسٹیڈیم، سہپورہ میں فٹ بال ٹورنامنٹ کا شاندار فائنل کیساتھ اختتام

سری نگر، 4 نومبر: گاندربل پولیس نے سوک ایکشن پروگرام (CAP) کے تحت منعقدہ فٹ بال ٹورنامنٹ کا اختتام سہپورہ، بانڈی پورہ کے انڈور اسٹیڈیم میں ایک شاندار فائنل میچ کے ساتھ کیا۔ اس موقع پر کھلاڑیوں میں کھیل کی عمدہ روح، کمیونٹی ورک اور صحت مند مقابلے جیسے کے بھرپور مظاہرہ دیکھنے میں آیا۔ اختتامی تقریب کی صدارت ڈی وائی ایس پی ڈی ای آر گاندربل نے کی، اور ان کے ہمراہ پولیس کے دیگر اعلیٰ افسران بھی موجود تھے۔ ٹورنامنٹ میں ضلع کے مختلف علاقوں سے کل 16 ٹیموں نے حصہ لیا، جس سے مقامی فٹ بال ٹیلنٹ کو وسیع مہارت اور صلاحیتوں کے اظہار کے لیے ایک بہترین پلیٹ فارم میسر آیا۔ انتہائی متوقع فائنل میچ ایف سی (FC Batwina) اور ایف سی واکورہ (FC Wakura) کے درمیان کھیلا گیا، جس میں دونوں ٹیموں نے غیر معمولی عزم اور مسابقتی جذبے کا مظاہرہ کیا۔ ایک سخت مقابلے کے بعد ایف سی واکورہ نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے کیچ پینالٹی شوٹ آؤٹ میں ایف سی بٹوارہ کو شکست دے کر ٹورنامنٹ کی ٹرافی اپنے نام کر لی۔ تقریب کے اختتام پر، فائنل اور ٹورنامنٹ کے دیگر نمایاں کھلاڑیوں کو ان کی شاندار کارکردگی کے اعتراف میں نقد انعامات، ٹرافیاں، تمغے اور تعریفی اسناد سے نوازا گیا۔ یہ ٹورنامنٹ سوک ایکشن پروگرام کے تحت پولیس کی لائف لائن پیڈ نوجوانوں اور عوام کے درمیان تعلقات کو مضبوط بنانے کی ایک کوشش تھا، جس کا مقصد کھیلوں کے ذریعے نوجوانوں کی توانائی کو مثبت سمت دی جا سکے، اور ان کے درمیان اتحاد، نظم و ضبط اور باہمی وقتی کے جذبے کو فروغ دیا جا سکے۔

ہندوستانی فوج کو ملے 450 مقامی ساختہ ’ناگاستر 1‘ اینٹی ٹینک لانچر گائیڈڈ میزائل سسٹم

نئی دہلی، 04 نومبر (وس): ہندوستانی فوج کو ڈفنس کے مضبوط ترین ہتھیاروں اور ٹیکنالوجی کی صلاحیت دینے کے لیے ایک بڑا قدم اٹھاتے ہوئے، 4 نومبر کو ہندوستان ڈائنامکس لمیٹڈ (BDL) نے فوج کو 450 یونٹ فراہم کیے ہیں۔ نئی دہلی میں فوجی ہیڈکوارٹر میں ان ہتھیاروں کی سپلائی کا باقاعدہ آغاز کیا گیا۔ ان ہتھیاروں کا تجربہ راجستھان اور مدھیہ پردیش میں جیسلمیر سے لے کر پوکھران تک کے مختلف مقامات پر کیا جا چکا ہے۔ ان ہتھیاروں کی پہلی کھیپ دسمبر 2024 میں ہندوستانی فوج کے حوالے کی گئی تھی۔ پہلی کھیپ میں 120 ہتھیار شامل تھے جن کا استعمال آپریشن سندور کے دوران بھی پاکستان میں دہشت گردوں کے ٹھکانوں کو نشانہ بنانے کے لیے کیا گیا۔ اس ہتھیار کی بڑھتی ہوئی ضرورت اور فوج کی جدید کرنے کی صلاحیت کو مزید مضبوط بنانے کے لیے، بھارتی ذخیرہ اندوزی کے اختیارات کے تحت 450 مزید یونٹوں کا آرڈر دیا گیا تھا، جن کی سپلائی آرڈر شدہ مکمل ہونے سے پہلے ہی شروع کر دی گئی ہے۔ ناگاستر 1 ایک جدید ٹینک شکن گائیڈڈ میزائل سسٹم ہے جو دن اور رات کی لڑائی میں 80 لیزر سے زیادہ مختلف اہداف کو نشانہ بنا سکتا ہے۔ اس کی رینج 360 کلومیٹر تک ہے، جبکہ اس کے ہتھیار کا نظام اسے 7 کلومیٹر دور سے بھی دشمن کے ٹینکوں کو تباہ کرنے کی اجازت دیتا ہے۔ اس کا ٹینک شکن تیر 15 کلومیٹر تک مار کر سکتا ہے۔ یہ ٹینک کے اوپر سے حملہ کرتا ہے، جہاں ٹینک کی بکتر سب سے کمزور ہوتی

05 Nov. 2026 | Thursday | Vol:22 | No:271 | Pages:08

The Daily CITY EXPRESS
Srinagar Kashmir

روزنامہ سٹی ایکسپریس سرینگر

بارش سے متاثرہ مقابلے میں ہندوستان نے نیوزی لینڈ کو پانچ وکٹوں سے شکست دی

آکلینڈ، 4 نومبر (یو این آئی) ارشدیپ سنگھ کے چار، گرنور براڑ کے تین اور انشول کمبوج کے دو وکٹوں کی شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے ہندوستان نے بدھ کو یہاں ایڈن پارک میں کھیلے گئے ٹی ٹوئنٹی میچ میں نیوزی لینڈ کو پانچ وکٹوں سے شکست دے دی۔ اس جیت کے ساتھ ہی ہندوستان نے تین میچوں کی سیریز میں 1-0 کی برتری حاصل کر لی۔ 22 رنز دے کر دو وکٹ لینے والے انشول کمبوج کو پلیئر آف دی میچ قرار دیا گیا۔ 186 رنز کے ہدف کا تعاقب کرتے اتری ہندوستانی ٹیم کو پہلی ہی اوور میں جھٹکا اس وقت لگا، جب کائل جیمیسن نے روہت شرما کو بغیر کوئی رن بنائے کپتان مچل سینٹنر کے ہاتھوں کیچ آؤٹ کروایا۔ اس کے بعد وراٹ کوہلی نے کپتان سمن گل کے ساتھ مل کر اننگز سنبھالا۔ کوہلی نے نیلسن گنگ کے دوران بھی شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے دیکھتے ہی دیکھتے 11 رنز بنا لیے تھے۔ بارش کے باعث کھیل روکا پڑا۔ اس وقت ہندوستان نے ایک وکٹ کے نقصان پر 50 سے زائد رنز بنا لیے تھے۔ کھیل دوبارہ شروع ہونے پر ہندوستان کو 40 اوور میں 167 رنز کا نظرثانی شدہ ہدف ملا۔ اس کے بعد ایک بار پھر بارش شروع ہونے سے کھیل روکنا پڑا۔ دوبارہ کھیل شروع ہونے پر ہندوستان کے لیے 32 اوور میں 143 رنز کا نیا ہدف مقرر کیا گیا۔ دونوں ٹیم بازوں نے اس کے بعد جارحانہ انداز میں رنز بنائے۔ وراٹ کوہلی نے 16 ویں اوور کی پہلی گیند پر چوکا لگا کر اپنی 80 ویں نصف سنچری مکمل کی۔ 19 ویں اوور کی چوتھی گیند پر سمن گل کو آؤٹ کر دیا گیا۔ کوہلی نے 56 گیندوں میں پانچ چوکوں کی مدد سے 37 رنز بنائے۔ اگلے ہی اوور میں شیوم دوبے کو بھی آؤٹ کر کے پانچوں جھٹکا دیا۔ شریئس نے 13 گیندوں میں ایک چوکا اور ایک چھکا لگایا۔ 23 ویں اوور میں ڈیرل مچل نے ہندوستان کو پانچ وکٹ سے کامیابی دلائی۔ سمن دھیماچ اور ایل راہل تین رنز بنا کر ناٹ آؤٹ رہے۔

ڈی نے وراٹ کوہلی کو پویلین بھیج دیا۔ کوہلی نے 51 گیندوں میں 13 چوکوں اور ایک چھکے کی مدد سے 74 رنز کی انگز کھیلی۔ اسی اوور میں ڈی نے آشوٹوش شرما کو بھی بغیر کوئی رن بنائے آؤٹ کر دیا۔ ہندوستان کو جب جیت کے لیے صرف سات رنز درکار تھے، تب ڈی نے شریئس ایئر (15) کو بھی آؤٹ کر کے پانچویں جھٹکا دیا۔ شریئس نے 13 گیندوں میں ایک چوکا اور ایک چھکا لگایا۔ 23 ویں اوور کی چوتھی گیند پر نتیش کمار ریڈی نے چوکا لگا کر ہندوستان کو پانچ وکٹ سے کامیابی دلائی۔ سمن دھیماچ اور ایل راہل تین رنز بنا کر ناٹ آؤٹ رہے۔

مستفیض نے بی بی ایل 2026-27 کے لیے میلبورن رینیگیڈز کے ساتھ معاہدہ کر لیا

ڈھاکہ، 4 نومبر (یو این آئی) بنگلہ دیش کے تجربہ کار بائیں ہاتھ کے فاسٹ بولر مستفیض الرحمان، میلبورن رینیگیڈز کے ساتھ معاہدہ کرنے کے بعد پہلی مرتبہ بگ بیش لیگ (بی بی ایل) میں کھیلنے نظر آئیں گے۔ 31 سالہ مستفیض الرحمان دنیا بھر میں 331 ٹی 20 میچ کھیل چکے ہیں اور 423 وکٹیں حاصل کر چکے ہیں تاہم اس سے پہلے انہوں نے کبھی بی بی ایل میں حصہ نہیں لیا۔ رینیگیڈز کے تجربہ کار بائیں ہاتھ کے فاسٹ بولر حسین بہرین ڈوڑ فریکچر کی چوٹ کے باعث پورے سیزن سے باہر ہو گئے ہیں۔ جس کے بعد ٹیم نے ان کی جگہ مستفیض الرحمان کو شامل کیا ہے، تاکہ اپنے بولنگ اٹیک میں مزید تنوع پیدا کیا جا سکے۔ بی بی ایل 11 میں اپنی مصروفیات کے باعث مستفیض الرحمان چٹاگانگ میں پرتھ اسکارچرز کے خلاف رینیگیڈز کے پہلے میچ میں دستیاب نہیں ہوں گے۔ تاہم وہ میلبورن کرکٹ گراؤنڈ (ایم سی جی) میں کھیلنے کے لیے بے حد پرجوش ہیں، جہاں رینیگیڈز کا مقابلہ یکم جنوری کو سڈنی سکسرز اور 4 جنوری کو میلبورن اسٹارز سے ہوگا۔ کلب کی جانب سے جاری ایک بیان میں مستفیض الرحمان نے کہا: میں پہلی مرتبہ میلبورن رینیگیڈز کے ساتھ بی بی ایل میں کھیلنے کے لیے پُرجوش ہوں۔

تیسرے نمبر پر بہلے بازی کرتے وراٹ کوہلی نے رقم کر دی نئی تاریخ

آئی این این

ممبئی، ہندوستانی کرکٹ ٹیم کے مایہ ناز بلے باز وراٹ کوہلی نے ون ڈے کرکٹ میں 13 ہزار رنز پورے ہندسہ پار کر لیا ہے۔ کوہلی نے یہ کارنامہ نیوزی لینڈ کے خلاف آکلینڈ میں کھیلے گئے ون ڈے میچ میں انجام دیا۔ اس طرح وراٹ کوہلی تیسرے نمبر پر بہلے بازی کرتے ہوئے 13 ہزار رنز بنانے والے دنیا کے واحد بلے باز بن گئے ہیں۔ ون ڈے کرکٹ میں وراٹ کوہلی کے اس پاس بھی کوئی دوسرا کھلاڑی نہیں ہے۔ نیوزی لینڈ کے خلاف پہلے ون ڈے میچ میں ٹیم انڈیا کے دھوال دھار بلے باز وراٹ کوہلی نے ایک بڑا ریکارڈ اپنے نام کر لیا۔ وراٹ کوہلی نے بیچ میں تیسرے نمبر پر بلے بازی کرتے ہوئے 13 ہزار رنز کا ہندسہ عبور کر لیا۔ اس پوزیشن پر وراٹ کوہلی اب سب سے زیادہ رنز بنانے والے کھلاڑی بن گئے ہیں۔ اس دوران وراٹ کوہلی کی اوسط 61.61 رہی ہے۔ تیسرے نمبر پر بلے بازی کرتے ہوئے سب سے زیادہ رنز بنانے کے معاملے میں آسٹریلیا کے مایہ ناز کھلاڑی رکی پونٹنگ دوسرے مقام پر ہیں۔ رکی پونٹنگ نے اس پوزیشن پر آسٹریلیا کے لیے 42.48 کی اوسط سے 12,662 رنز بنائے ہیں۔ تیسرے نمبر پر سب سے زیادہ رنز بنانے کے معاملے میں سری لنکا کے مایہ ناز بلے باز کمار سنگا کارا تیسرے مقام پر ہیں۔ کمار سنگا کارا نے ون ڈے کرکٹ میں اس پوزیشن پر کھیلتے ہوئے 44.71 کی اوسط سے 9,747 رنز بنائے ہیں۔ جنوبی افریقہ کے سابق مایہ ناز آل راؤنڈر جیک کیلس اس معاملے میں چوتھے مقام پر ہیں۔ جیک کیلس نے ون ڈے کرکٹ میں تیسرے نمبر پر بلے بازی کرتے ہوئے 45.72 کی اوسط سے 7,774 رنز بنائے ہیں۔

برطانوی فٹبالر نے میچ میں 7 گول کر کے سب کو حیران کر دیا

آئی این این بیشگھم (24 نیوز) انگلینڈ کے معروف فٹبالر جوڈ بیلنگھم کے والد مارک بیلنگھم نے 50 سال کی عمر میں انگلینڈ کی ویٹرنز فٹبال ٹیم کی جانب سے ڈیبیو کرتے ہوئے 1 میچ میں 7 گول اسکور کر کے سب کو حیران کر دیا۔ بین الاقوامی میڈیا رپورٹ کے مطابق مارک بیلنگھم نے انگلینڈ کی 50 ٹیم کی جانب سے کھیلتے ہوئے اسکاٹ لینڈ کے خلاف کھیلے گئے میچ میں یادگار انجام دیا۔ اس میچ میں انگلینڈ نے حریف ٹیم کو 1-13 کے بڑے فرق سے شکست دی۔ مارک نے پہلے ہاف میں 6 گول کیے اور دوسرے ہاف میں 1 منٹ میں گول اسکور کرنے کے ساتھ ایک گول میں معاونت بھی فراہم کی۔ مارک بیلنگھم نے اپنے فٹبال کیریئر کے دوران 17 برس بان ٹنگ فٹبال کھیلی اور اس عرصے میں 22 مختلف ٹیموں کی نمائندگی کی۔ مارک بیلنگھم کی یہ شاندار کارکردگی ایسے موقع پر سامنے آئی ہے جب ان کے دونوں بیٹے جوڈ بیلنگھم اور جوب بیلنگھم بھی فٹبال میں نمایاں کارکردگی دکھا رہے ہیں۔ مارک بیلنگھم نے 2019 میں باقاعدہ فٹبال سے ریٹائرمنٹ لے لی تھی۔ تاہم ویٹرنز فٹبال لوورنامنٹس میں کھیلتے رہے ہیں وہ اپنے کیریئر میں 700 سے زائد گول اسکور کرنے کے باعث بھی شہرت رکھتے ہیں۔

سسیکس نے ہیتھر ہیریٹ وائلڈ کو نیا چیف ایگزیکٹیو مقرر کیا

لندن، 4 نومبر (یو این آئی) سسیکس کرکٹ کلب نے ہیتھر ہیریٹ وائلڈ کو کلب کا نیا چیف ایگزیکٹیو مقرر کرنے کا اعلان کیا ہے۔ ہیریٹ وائلڈ انگلینڈ اینڈ ویلز کرکٹ بورڈ (ای سی بی) کے ساتھ طویل عرصے تک کام کرنے کے بعد اس عہدے پر آ رہی ہیں۔ حال ہی میں انہوں نے 2026 کے خواتین کے ٹی 20 عالمی کپ میں ٹورنامنٹ ڈائریکٹر کی ذمہ داری نبھائی تھی۔ ان کی یہ تقرری سسیکس کی مالیہ تاریخ کے مشکل ترین دور میں سے ایک کے بعد عمل میں آئی ہے۔ مالی پریشانیوں کے باعث سال کے آغاز میں ای سی بی نے کلب کو خصوصی نگرانی کے اقدامات کے دائرے میں شامل کر دیا تھا۔ اس کے نتیجے میں اخراجات پر پابندیاں عائد کر دی گئی تھیں، جس کی وجہ سے کلب کے کپتان ٹام ہیلمن اور انگلینڈ کی قومی ٹیم کے ممکنہ کھلاڑی ہنری کروکس سمیت کئی کھلاڑیوں کو دوسرے کلبوں میں جانے پر رضامند ہونا پڑا۔ پال فارببریس نے بھی ہیڈ کوچ کا عہدہ چھوڑ دیا۔

ڈبڑنے ویسٹ انڈیز کی خواتین کرکٹ ٹیم کے ہیڈ کوچ کے عہدے سے استعفیٰ دے دیا

ویسٹ انڈیز (سی ڈبلیو آئی) نے تصدیق کی ہے کہ ان کی مدت کار 31 اکتوبر کو ختم ہوگئی اور یہ فیصلہ باہمی رضامندی سے کیا گیا ہے۔ سی ڈبلیو آئی نے بتایا کہ ویسٹ انڈیز کی مردوں کی ٹیم کے سابق ہیڈ کوچ آندرے کولی پاکستان کے خلاف آئندہ سیریز کے لیے خواتین کی ٹیم کے عبوری کوچ کی ذمہ داری سنبھالیں گے۔ سی ڈبلیو آئی نے ابھی تک اس دورے کی تاریخوں کا باضابطہ اعلان نہیں کیا ہے تاہم توقع ہے کہ یہ سیریز دسمبر کے دوسرے ہفتے میں شروع ہوگی۔

گوانے بہار کو اننگز اور 177 رنز سے شکست دی

پٹنہ، 4 نومبر (یو این آئی) لعلت یادو کی پانچ اور نیش کمار کی چار وکٹوں کی شاندار گیند بازی کی بدولت گوانے، نئی ارائی ایلیٹ گروپ اے کے مقابلے کے تیسرے دن بدھ کو بہار کو اننگز اور 177 رنز سے شکست دے دی۔ گوا کے امپیکٹ کھلاڑی محمد شمس نے آؤٹ 178 رنز کی اننگز کے لیے پلیئر آف دی میچ قرار دیا گیا۔ یہ ہار نے آج یہاں اپنی گل کی دوسری اننگز کے تین وکٹ پر 63 رنز سے آگے کھیلنا شروع کیا۔ بیچ کے سیشن میں واسوکی کوشک نے واحد ویور ساہنکھ (3) کو آؤٹ کر کے بہار کو چوتھا جھٹکا دیا۔

رافینہ اور یامال کی شاندار کارکردگی

بارسلونا نے ایسٹن ولا کو 3-0 سے ہرایا

بارسلونا (اسپین)، 4 نومبر (یو این آئی) رافینہ اور لامین یامال کی شاندار کارکردگی کی بدولت بارسلونا نے یو ای ایف اے چیمپئنز لیگ کے گروپ مرحلے کے چوتھے میچ میں ایسٹن ولا کو 3-0 سے شکست دے دی۔ کیمپ نو میں منعقد کھیلے گئے اس مقابلے میں اسٹار فٹبالر یامال نے 77 ویں منٹ میں گول کر کے اپنی ٹیم کو برتری دلائی۔ انہوں نے جواڈ گومیس کی مدد سے یہ گول داغا۔ اس گول کے بعد میچ میں کوئی اور گول نہیں ہو سکا اور بارسلونا نے 3-0 سے کامیابی حاصل کی۔ اس جیت کے بعد بارسلونا 9 پوائنٹس حاصل کر کے پوائنٹس ٹیبل میں ولا کے برابر آ گیا ہے۔ ولا نے لا لیگا میں سرفہرست مقام حاصل کرنے سے پہلے اپنے تینوں پورے کیے میچ جیتے تھے۔

بارسلونا کے لیے رافینہ اور یامال نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے مقابلے میں اپنے گولوں کی تعداد 14 تک پہنچا دی اور اس طرح اس ٹورنامنٹ کی تاریخ میں سب سے زیادہ گول کرنے والے کم عمر کھلاڑی بن کر کھیان لامیا پے کو پیچھے چھوڑ دیا۔ اس کے بعد نمبر 9 کے کھلاڑی کی حیثیت سے ایک بار پھر شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے رافینہ نے دوسرے ہاف میں 2 گول کیے اور اپنی ٹیم کی جیت یقینی بنا دی۔ اس طرح رواں سیزن میں صرف 13 میچوں میں ان کے گولوں کی تعداد 19 ہوگئی۔ تیز بارش کے دوران بارسلونا نے یامال کے گول کی بدولت میچ کے ابتدائی لمحات میں ہی برتری حاصل کر لی، لیکن ولا نے زبردست واپسی کرتے ہوئے میچ میں کنٹرول اور پوزیشن حاصل کرنے کے اچھے مواقع پیدا کیے۔ ولا کے کھلاڑی جوہان منزانہی بھی گول کرنے کے قریب پہنچے، لیکن بارسلونا نے دوسرے سرے پر اپنا دباؤ برقرار رکھا اور دوسرے ہاف میں پرمیئر لیگ کی ٹیم پر حاوی ہو گئی۔ رافینہ نے 52 ویں منٹ میں ہوگول کیا، اس میں قسمت کا بھی کچھ دخل تھا کیونکہ ان کا شاٹ بے بس زیون سوزدی کو چکمہ دیتے ہوئے گول میں چلا گیا۔ تاہم، دوسرے گول میں قسمت کا کوئی دخل نہیں تھا۔ یہ جوڑ سکلسلو کے شاندار تعاون کے بعد کیا گیا نیصلدن ٹول تھا۔ اس جیت کے ساتھ بارسلونا 9 پوائنٹس حاصل کر کے پوائنٹس ٹیبل میں ولا کے برابر آ گیا ہے۔ ولا نے لا لیگا میں سرفہرست مقام حاصل کرنے سے پہلے اپنے تینوں پورے کیے میچ جیتے تھے۔

کرناٹک نے آسام کو اننگز اور 314 رنز سے شکست دی

گوہاٹی، 4 نومبر (یو این آئی) کے وی اینش (145) اور سمنت کمار (100) کی سنچریوں کے بعد شریش کمار پال اور کلدیپ سینی کی تین تین وکٹوں کی شاندار کارکردگی کی بدولت کرناٹک نے رنجی ٹرافی ایلیٹ گروپ ڈی کے مقابلے کے تیسرے دن آسام کو اننگز اور 314 رنز سے شکست دے دی۔ کرناٹک نے کل سنچ اپنی گل کی پانچ وکٹ پر 496 رنز کی انگز کو آگے بڑھایا۔ سنچ کے سیشن میں کے وی اینش کے آؤٹ ہونے کے بعد کرناٹک نے چوتھی وکٹ پر 577 رنز بنا کر انگز ڈیکلیئر کر دی۔ اس طرح اسے پہلی انگز کی بنیاد پر 442 رنز کی برتری حاصل ہوئی۔ دوسری انگز میں بلے بازی کے لیے اتری آسام کی پوری ٹیم کرناٹک کے گیند بازی اٹیک کے سامنے 40.2 اوور میں 128 رنز پر ڈھیر ہو گئی۔

پاکستان کا سری لنکا کے خلاف ہوم ٹیسٹ سیریز کے لیے نیا منصوبہ

راولپنڈی، 4 نومبر (یو این آئی) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے سری لنکا کے خلاف ہوم ٹیسٹ سیریز کے لیے تیز رفتار پچز تیار کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ کوچ مائیک ہیسن نے دونوں ٹیسٹ پچز کے لیے ایسی پچز بنانے کی ہدایت دی ہے جہاں فاسٹ گیندبازوں کو مدد مل سکے۔ بڑا نگلور ون ڈے سیریز جیتنے کے بعد پاکستانی ٹیم اب سری لنکا کے خلاف ٹیسٹ سیریز کی تیاریوں میں مصروف ہے۔ پہلا ٹیسٹ 9 نومبر سے راولپنڈی اور دوسرا 17 نومبر سے لاہور میں کھیلا جائے گا۔ رواں سال پاکستان کی ہوم گراؤنڈ پر یہ پہلی ٹیسٹ سیریز ہوگی۔ ذرائع کے مطابق پیر دن ملک ٹیسٹ پیچز میں مسلسل ناکامیوں کے بعد پی سی بی نے کھٹمنگ ٹیکنک کے ملک میں تیز رفتار اور جاندار پچز تیار کرنے پر اتفاق کیا ہے۔ پاکستان کا بنگلہ دیش کے خلاف دونوں ٹیسٹ پیچز میں شکست ہوئی، جبکہ انگلینڈ نے آخری سیریز میں اسے 3-0 سے ہرایا۔ ویسٹ انڈیز کے دورے میں اسے سات پیچز میں صرف ایک کامیابی ملی تھی۔ سری لنکا کے خلاف سہ روزہ میچ کے بعد پی سی بی پیٹرز الیون کے دو فاسٹ گیند باز قومی اسکواڈ میں شامل کیے جائیں گے۔ محمد عباس اور رمان اللہ کی ٹسولیت بھی متوقع ہے۔ انگلینڈ کے خلاف آخری ٹیسٹ میں کھیلنے والے سائم ایوب، عبداللہ شفیق، شان مسعود، محمد عمران اور محمد علی کے باہر ہونے کے بعد ٹیم میں کئی نئے چہروں کا امکان ہے۔ ذرائع کے مطابق شان مسعود کی جگہ نوجوان کھلاڑی کو موقع دینے پر غور کیا جا رہا ہے، جبکہ اوپننگ جوڑی میں بھی جدید تبدیلی متوقع ہے۔ ذان اویس کے ساتھ عبداللہ شفیق کو اوپننگ کے لیے مضبوط امیدوار قرار دیا جا رہا ہے۔ بابر اعظم بھی ان دنوں قائداعظم ٹرافی میں حصہ لے رہے ہیں۔ ذرائع کے مطابق مائیک

قندھار واریئرز نے محمد عامر کو ایک لاکھ ڈالر میں حاصل کر لیا

نئی دہلی، 4 نومبر (یو این آئی): پاکستان کے سابق فاسٹ گیند باز محمد عامر کو افغانستان پریمیئر لیگ (اے پی ایل) 2026 کے ڈرافٹ میں اہمی مجموعی بیک کے طور پر قندھار وارئیرز نے منتخب کر لیا ہے۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ محمد عامر نے کوئی سیاسی شہریت حاصل نہیں کی تھی۔ تاہم ڈرافٹ کے رہنما قوانین کے تحت انہیں ایک لاکھ ڈالر میں خریدا گیا۔ شارجہ کرکٹ اسٹیڈیم میں منعقد ہونے والے ڈرافٹ میں 34 سالہ فاسٹ گیند باز کو پاکستان سپر لیگ کے فرنچائز الیون کوئٹہ گلیڈی ایٹرز نے 34 ہزار ڈالر میں خریدا تھا۔ اس تجربت کے باعث امکان ہے کہ انہیں پاکستان کرکٹ بورڈ سے این او سی لینے کی ضرورت نہ پڑے۔ عامر پاکستان کی جانب سے 36 ٹیسٹ، 61 ون ڈے اور 62 ٹی 20 بین الاقوامی میچ کھیل چکے ہیں۔ ان کا آخری بین الاقوامی مقابلہ جون 2024 میں آئرلینڈ کے خلاف ٹی 20 ورلڈ کپ میں تھا۔

Printer,Publisher,Owner and Editor:Irshad Rasool Kar Published from 2n Floor Khidmat Complex.The Bund Abi Guzar Srinagar.Printed at Khidmat Offset Press
The Bund Abi Guzar Srinagar.RNI No:JKURD/2004/17814,Phone Office:0194-2471410,Email:dailycityexpress121@gmail.com,advtcityexpress936@gmail.com,Visit us at .wwwdailycityexpress.com